# ﴿فضائل دُعائے جوشن کبیر﴾

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے کہ جناب رسالت مآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بعض لڑائیوں میں زرہ پہنتے تھے اور اُس کی گرانی سے آپؐ کے جسم مبارک کو اذیت ہوتی تھی۔ جبریلؑ امین نازل ہوئے اور کہا۔"یارسول اللہ ﷺ بعد از درود و سلام خداوند عالم ارشاد فرماتاہے کہ یہ زرہ اُتار دو اور اس دعا کو پڑھو کہ یہ آپؐ اور آپؐ کی اُمت کے لئے امن وامان کا باعث ہے"۔ پھر فرمایا کہ جو اسے کفن پر لکھے تو خداوند عالم کو حیاء محسوس ہوگی کہ اُس شخص کو جہنم میں جلائے۔ جو شخص اس دعا کو اپنے گھر سے نکلتے وقت پڑھے یا اپنے پاس رکھے تو خداوند عالم اُس کی حفاظت فرمائے گا۔ جس گھر میں یہ دعا ہوگی وہ گھر چوری اور آتش زدگی سے محفوظ رہے گا۔ اور جو کوئی خالص نیت سے مریض پر پڑھے گا تو وہ بحکم خدا شفاء پائے گا۔اِس دُعائے مبارکہ کے ماہِ رمضان المبارک کی راتوں میں پڑھنے کا بے حد اجر و ثواب ہے۔ جو شخص رمضان المبارک کی پہلی رات میں خلوص نیت کے ساتھ اِس دعا کو پڑھے گا تو انشاءاللہ اُسے شبِ قدر دیکھنا نصیب ہوگی اور خدائے تعالیٰ اس کی خاطر ستر ہزار فرشتے پیدا کرے گا جو تسبیح و تقدیس کریں گے اور اس کا ثواب دعا پڑھنے والے کو ملے گا۔ جو شخص ماہ رمضان المبارک میں تین مرتبہ اِس دعا کو پڑھے گا تو حق تعالیٰ اس کے جسم پر جہنم کی آگ کو حرام اور جنت کو واجب کر دے گا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا! میرے والد گرامی حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے مجھے اِس دعا کو پابندی کے ساتھ پڑھنے کی وصیت فرمائی اور ہدایت کی کہ میں اِسے اپنے کفن پر لکھوں، اپنے اہل خانہ کو اس کی تعلیم دوں اور انہیں اس کے پڑھنے کی ترغیب دلاؤں۔ یہ ہزار اسم ہیں کہ انہیں میں اسم اعظم ہے۔

Eltmas-e-DuA . . . Iqtada Askary . .E-Mail: iaskary@yahoo.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

(۱) اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡٓ اَسۡئَلُكَ بِاِسۡمِكَ یَآ اَللّٰہُ یَا رَحۡمٰنُ یَا رَحِیۡمُ یَا کَرِیۡمُ یَا مُقِیۡمُ یَا عَظِیۡمُ یَا قَدِیۡمُ یَا عَلِیۡمُ یَا حَلِیۡمُ یَا حَکِیۡمُ سُبۡحَانَكَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡغَوۡثَ الۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام سے اے اللہ اے بخشنے والے، اے مہربان، اے کرم کرنے والے، اے ٹھہرنے والے، اے بڑائی والے، اے سب سے پہلے، اے علم والے، اے بردبار، اے حکمت والے۔ تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۲) یَا سَیِّدَ السَّادَاتِ یَا مُجِیۡبَ الدَّعۡوَاتِ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ یَا وَلِیَّ الۡحَسَنَاتِ یَا غَافِرَ الۡخَطِیّٓئَاتِ یَا مُعۡطِیَ الۡمَسۡئَلَاتِ یَا قَابِلَ التَّوۡبَاتِ یَا سَامِعَ الۡاَصۡوَاتِ یَا عَالِمَ الۡخَفِیَّاتِ یَا دَافِعَ الۡبَلِیَّاتِ سُبۡحَانَكَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡغَوۡثَ الۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے سرداروں کے سردار، اے دعائیں قبول کرنے والے، اے درجے بلند کرنے والے، اے نیکیوں میں مدد دینے والے، اے گناہوں کے بخشنے والے، اے حاجات پوری کرنیوالے، اے توبہ قبول کرنے والے، اے آوازوں کے سننے والے، اے چھپی چیزوں کے جاننے والے، اے بلائیں دور کرنیوالے۔ تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۳) یَا خَیۡرَ الۡغَافِرِیۡنَ یَا خَیۡرَ الۡفَاتِحِیۡنَ یَا خَیۡرَ النَّاصِرِیۡنَ یَا خَیۡرَ الۡحَاکِمِیۡنَ یَا خَیۡرَ الرَّازِقِیۡنَ یَا خَیۡرَ الۡوَارِثِیۡنَ یَا خَیۡرَ الۡحَامِدِیۡنَ یَا خَیۡرَ الذَّاکِرِیۡنَ یَا خَیۡرَ الۡمُنۡزِلِیۡنَ یَا خَیۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ سُبۡحَانَكَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡغَوۡثَ الۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے بخشنے والوں میں بہتر، اے فتح کرنے والوں میں بہتر، اے مدد کرنے والوں میں بہتر، اے حاکموں میں بہتر، اے رزق دینے والوں میں بہتر، اے وارثوں میں بہتر، اے تعریف کرنے والوں میں بہتر، اے ذکر کرنے والوں میں بہتر، اے میزبانوں میں بہتر، اے احسان کرنے والوں میں بہتر۔ تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴) یَا مَنْ لَهُ الْعِزَّةُ وَالْجَمَالُ یَا مَنْ لَهُ الْقُدْرَةُ وَالْكَمَالُ یَا مَنْ لَهُ الْمُلْكُ وَالْجَلَالُ یَا مَنْ هُوَ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ یَا مُنْشِئَ السَّحَابِ الثِّقَالِ یَا مَنْ هُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ یَا مَنْ هُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ یَا مَنْ هُوَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ یَا مَنْ هُوَ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ یَا مَنْ هُوَ عِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ جس کے لئے عزت اور جمال ہے، اے وہ جس کے لئے قدرت اور کمال ہے، اے وہ جس کے لئے ملک اور جلال ہے، اے وہ جو بڑائی والا بلند تر ہے، اے بھرے بادلوں کے پیدا کرنے والے، اے وہ جو سخت قوت والا ہے، اے وہ جو تیز تر حساب کرنے والا ہے، اے وہ جو سخت عذاب دینے والا ہے، اے وہ جس کے ہاں بہترین ثواب ہے، اے وہ جس کے پاس لوح محفوظ ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۵) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ یَا بُرْهَانُ یَا سُلْطَانُ یَا رِضْوَانُ یَا غُفْرَانُ یَا سُبْحَانُ یَا مُسْتَعَانُ یَا ذَا الْمَنِّ وَالْبَیَانِ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام سے اے محبت کرنے والے، اے احسان کرنے والے، اے بدلہ دینے والے، اے روشن دلیل، اے صاحبِ سلطنت، اے راضی ہونے والے، اے بخشنے والے، اے پاکیزگی والے، اے مدد کرنے والے، اے صاحبِ احسان و بیان، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود

سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(٦) یَامَنْ تَوَاضَعَ کُلُّ شَیْءٍ لِّعَظَمَتِهٖ یَامَنِ اسْتَسْلَمَ کُلُّ شَیْءٍ لِّقُدْرَتِهٖ یَامَنْ ذَلَّ کُلُّ شَیْءٍ لِّعِزَّتِهٖ یَامَنْ خَضَعَ کُلُّ شَیْءٍ لِّهَیْبَتِهٖ یَامَنِ انْقَادَ کُلُّ شَیْءٍ مِّنْ خَشْیَتِهٖ یَامَنْ تَشَقَّقَتِ الْجِبَالُ مِنْ مَّخَافَتِهٖ یَا مَنْ قَامَتِ السَّمٰوٰتُ بِاَمْرِهٖ یَا مَنِ اسْتَقَرَّتِ الْاَرْضُوْنَ بِاِذْنِهٖ یَا مَنْ یُّسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ یَا مَنْ لَّا یَعْتَدِیْ عَلٰٓی اَهْلِ مَمْلَکَتِهٖ سُبْحَانَكَ یَالَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَارَبِّ ہ

اے وہ جس کی عظمت کے آگے سب چیزیں جھکی ہوئی ہیں، اے وہ جس کی قدرت کے سامنے ہر شئی سرنگوں ہے، اے وہ جس کی بڑائی کے سامنے ہر چیز پست ہے، اے وہ جس کے خوف سے ہر چیز دبی ہوئی ہے، اے وہ جس کے ڈر سے ہر چیز فرمانبردار بنی ہوئی ہے، اے وہ جس کے خوف سے پہاڑ پھٹ جاتے ہیں، اے وہ جس کے حکم سے آسمان کھڑے ہوگئے، اے وہ جس کے اِذن سے زمینیں ٹھہری ہوئی ہیں، اے وہ کہ کڑکتی بجلی جس کی تسبیح خواں ہے، اے وہ جو اپنے زیر حکومت لوگوں پر ظلم نہیں کرتا، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(٧) یَا غَافِرَ الْخَطَایَا یَاکَاشِفَ الْبَلَایَا یَا مُنْتَهَی الرَّجَایَا یَامُجْزِلَ الْعَطَایَا یَاوَاهِبَ الْهَدَایَا یَا رَازِقَ الْبَرَایَا یَاقَاضِیَ الْمَنَایَا یَاسَامِعَ الشَّکَایَا یَابَاعِثَ الْبَرَایَا یَامُطْلِقَ الْاُسَارٰی سُبْحَانَكَ یَالَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَارَبِّ ہ

اے گناہوں کے بخشنے والے، اے بلائیں دور کرنے والے، اے امیدوں کے آخری مقام، اے بہت عطاؤں والے، اے تحفے عطاء کرنے والے، اے مخلوق کو رزق دینے والے، اے تمنائیں پوری کرنے والے، اے شکایتیں سننے والے، اے مخلوق کو زندہ کرنے والے، اے قیدیوں کو آزاد کرنے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(٨) يَا ذَا الْحَمْدِ وَالثَّنَآءِ يَاذَا الْفَخْرِ وَالْبَهَآءِ يَاذَا الْمَجْدِ وَالسَّنَآءِ يَا ذَا الْعَهْدِ وَالْوَفَآءِ يَاذَا الْعَفْوِ وَالرِّضَآءِ يَا ذَا الْمَنِّ وَالْعَطَآءِ يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْقَضَآءِ يَا ذَا الْعِزِّ وَالْبَقَآءِ يَا ذَا الْجُوْدِ وَالسَّخَآءِ يَا ذَا الْاٰلَآءِ وَالنَّعْمَآءِ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے تعریف و ثناء والے، اے فخر وخوبی والے، اے بزرگی و بلندی والے، اے عہد اور وفا والے، اے معافی دینے والے اور راضی ہونے والے، اے عطاو بخشش والے، اے فیصلے اور انصاف والے، اے عزت و بقاء والے، اے عطاو سخاوت والے، اے رحمتوں اور نعمتوں والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(٩) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ يَا مَانِعُ يَا دَافِعُ يَا رَافِعُ يَا صَانِعُ يَا نَافِعُ يَا سَامِعُ يَا جَامِعُ يَا شَافِعُ يَا وَاسِعُ يَا مُوَسِّعُ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام سے، اے روکنے والے، اے ہٹانے والے، اے بلند کرنیوالے، اے بنانے والے، اے نفع والے، اے سننے والے، اے جمع کرنے والے، اے شفاعت کرنے والے، اے کشادگی والے، اے وسعت دینے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(١٠) يَا صَانِعَ كُلِّ مَصْنُوْعٍ يَّا خَالِقَ كُلِّ مَخْلُوْقٍ يَّا رَازِقَ كُلِّ مَرْزُوْقٍ يَّا مَالِكَ كُلِّ مَمْلُوْكٍ يَّا كَاشِفَ كُلِّ مَكْرُوْبٍ يَّا فَارِجَ كُلِّ مَهْمُوْمٍ يَّا رَاحِمَ كُلِّ مَرْحُوْمٍ يَّا نَاصِرَ كُلِّ مَخْذُوْلٍ يَّا سَاتِرَ كُلِّ مَعْيُوْبٍ يَّا مَلْجَاءَ كُلِّ مَطْرُوْدٍ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے ہر مصنوع کے صانع، اے ہر مخلوق کے خالق، اے ہر رزق پانے والے کے رازق، اے ہر مملوک کے مالک، اے ہر دکھی کا دکھ دور کرنے والے، اے ہر پریشان کی پریشانی ہٹانے والے، اے ہر رحم کئے گئے پر رحم کرنے والے، اے ہر بے سہارا کے مددگار، اے ہر برائی کو چھپانے والے، اے ہر راندے گئے کی پناہ گاہ، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۱۱) یَا عُدَّتِیْ عِنْدَ شِدَّتِیْ یَا رَجَآئِیْ عِنْدَ مُصِیْبَتِیْ یَا مُوْنِسِیْ عِنْدَ وَحْشَتِیْ یَا صَاحِبِیْ عِنْدَ غُرْبَتِیْ یَا وَلِیِّیْ عِنْدَ نِعْمَتِیْ یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُرْبَتِیْ یَا دَلِیْلِیْ عِنْدَ حَیْرَتِیْ یَا غَنَآئِیْ عِنْدَ افْتِقَارِیْ یَا مَلْجَآئِیْ عِنْدَ اضْطِرَارِیْ یَا مُغِیْثِیْ عِنْدَ مَفْزَعِیْ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَارَبِّ ہ

اے سختی کے وقت میرے سرمایہ، اے مصیبت میں میری اُمید گاہ، اے وحشت کے وقت میرے ہمدم، اے میری تنہائی میں میرے ساتھی، اے نعمت میں میری کفایت کرنے والے، اے دکھ درد میں میرے مددگار، اے حیرت کے وقت میرے راہ نما، اے محتاجی کے وقت میرے سرمایہ، اے بے قراری کے وقت میری پناہ گاہ، اے فریاد کے ہنگام میں میرے مددگار، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۱۲) یَا عَلَّامَ الْغُیُوْبِ یَا غَفَّارَ الذُّنُوْبِ یَا سَتَّارَ الْعُیُوْبِ یَا کَاشِفَ الْکُرُوْبِ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ یَا طَبِیْبَ الْقُلُوْبِ یَا مُنَوِّرَ الْقُلُوْبِ یَآ اَنِیْسَ الْقُلُوْبِ یَا مُفَرِّجَ الْهُمُوْمِ یَا مُنَفِّسَ الْغُمُوْمِ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَارَبِّ ہ

اے ہر غیب کے جاننے والے، اے گناہوں کے بخشنے والے، اے عیبوں کے چھپانے والے، اے مصیبتیں دور کرنے والے، اے دلوں کو پلٹنے والے، اے دلوں کے معالج، اے دلوں کے روشن کرنے والے، اے

دلوں کے ہمدم، اے غموں کی گرہ کھولنے والے، اے غموں کے دور کرنے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۱۳) اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا جَلِیْلُ یَا جَمِیْلُ یَا وَ کِیْلُ یَا کَفِیْلُ یَا دَلِیْلُ یَا قَلِیْلُ یَا مُدِیْلُ یَا مُنِیْلُ یَا مُقِیْلُ یَا مُحِیْلُ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَارَبِّ ہ

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تیرے نام سے، اے جلال والے، اے جمال والے، اے کارساز، اے سرپرست، اے راہنما، اے قبول کرنیوالے، اے رواں کرنے والے، اے بخشنے والے، اے معاف کرنیوالے، اے جگہ دینے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۱۴) یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَا صَرِیْخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ یَا جَارَ الْمُسْتَجِیْرِیْنَ یَآ اَمَانَ الْخَآئِفِیْنَ یَا عَوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ یَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنَ یَا مَلْجَاَ الْعَاصِیْنَ یَا غَافِرَ الْمُذْنِبِیْنَ یَا مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَارَبِّ ہ

اے سرگردانوں کے راہنما، اے پکارنے والوں کی مدد کرنیوالے، اے فریادیوں کی فریاد کو پہنچنے والے، اے پناہ طلب کرنے والوں کی پناہ، اے ڈرنے والوں کی ڈھارس، اے مومنوں کے مددگار، اے بے چاروں پر رحم کرنیوالے، اے گناہ گاروں کی پناہ، اے خطاکاروں کو بخشنے والے، اے بے قراروں کی دعا قبول کرنیوالے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۱۵) یَا ذَا الْجُوْدِ وَالْاِحْسَانِ یَا ذَا الْفَضْلِ وَالْاِمْتِنَانِ یَا ذَا الْاَمْنِ وَالْاَمَانِ یَا ذَا

الْقُدْسِ وَالسُّبْحَانِ يَا ذَا الْحِكْمَةِ وَالْبَيَانِ يَا ذَا الرَّحْمَةِ وَالرِّضْوَانِ يَا ذَا الْحُجَّةِ وَالْبُرْهَانِ يَا ذَا الْعَظَمَةِ وَالسُّلْطَانِ يَا ذَا الرَّأْفَةِ وَالْمُسْتَعَانِ يَا ذَا الْعَفْوِ وَالْغُفْرَانِ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ۝

اے صاحب جود واحسان، اے صاحب فضل ومنت، اے صاحب امن وامان، اے طہارت وپاکیزگی والے، اے حکمت وبیان والے، اے رحمت ورضا والے، اے حجت اور روشن دلیل والے، اے عظمت وسلطنت والے، اے مہربانی کرنے والے اور مدد دینے والے، اے معافی دینے والے اور بخشنے والے۔ تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۱۶) يَامَنْ هُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ يَّامَنْ هُوَ اِلٰهُ كُلِّ شَيْءٍ يَّامَنْ هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ يَّامَنْ هُوَ صَانِعُ كُلِّ شَيْءٍ يَّامَنْ هُوَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ يَّامَنْ هُوَ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ يَامَنْ هُوَ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ يَّامَنْ هُوَ عَالِمٌ بِكُلِّ شَيْءٍ يَّامَنْ هُوَ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ يَّامَنْ هُوَ يَبْقٰى وَ يَفْنٰى كُلُّ شَيْءٍ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ۝

اے وہ جو ہر چیز کا پروردگار ہے، اے وہ جو ہر شئی کا معبود ہے، اے وہ جو ہر چیز کا خالق ہے، اے وہ جو ہر چیز کا بنانے والا ہے، اے وہ جو ہر شئی سے پہلے تھا، اے وہ جو ہر شئی کے بعد رہے گا، اے وہ جو ہر شئی سے بلند ہے، اے وہ جو ہر چیز کا جاننے والا ہے، اے وہ جو ہر چیز پر قادر ہے، اے وہ جو باقی رہے گا جب ہر چیز فنا ہو جائے گی، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۱۷) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مُؤْمِنُ يَامُهَيْمِنُ يَامُكَوِّنُ يَامُلَقِّنُ يَامُبَيِّنُ يَا مُهَوِّنُ يَا مُمَكِّنُ يَامُزَيِّنُ يَامُعْلِنُ يَامُقَسِّمُ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ۝

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام کے واسطہ سے، اے امن دینے والے، اے نگہبان، اے پیدا کرنیوالے، اے تلقین کرنیوالے، اے ظاہر کرنیوالے، اے آسان کرنے والے، اے مکان دینے والے، اے زینت دینے والے، اے اعلان کرنیوالے، اے بانٹنے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۱۸) یَامَنْ هُوَ فِیْ مُلْکِهٖ مُقِیْمٌ یَّامَنْ هُوَ فِیْ سُلْطَانِهٖ قَدِیْمٌ یَّامَنْ هُوَ فِیْ جَلَالِهٖ عَظِیْمٌ یَّامَنْ هُوَ عَلٰی عِبَادِهٖ رَحِیْمٌ یَّامَنْ هُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلَیْمٌ یَّامَنْ هُوَ بِمَنْ عَصَاهُ حَلِیْمٌ یَّامَنْ هُوَ بِمَنْ رَجَاهُ کَرِیْمٌ یَّامَنْ هُوَ فِیْ صُنْعِهٖ حَکِیْمٌ یَّامَنْ هُوَ فِیْ حِکْمَتِهٖ لَطِیْفٌ یَّا مَنْ هُوَ فِیْ لُطْفِهٖ قَدِیْمٌ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ جو اپنے اقتدار پر قائم ہے، اے وہ جو اپنی سلطنت میں قدیم ہے، اے وہ جو اپنی شان میں بلند تر ہے، اے وہ جو اپنے بندوں پر مہربان ہے، اے وہ جو ہر چیز کا جاننے والا ہے، اے وہ جو نافرمان سے نرمی کرتا ہے، اے وہ جو امیدوار پر کرم کرتا ہے، اے وہ جو اپنی صنعت میں حکمت والا ہے، اے وہ جو اپنی حکمت میں باریک بین ہے، اے وہ جس کا احسان قدیمی ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۱۹) یَامَنْ لَّا یُرْجٰی اِلَّا فَضْلُهٗ یَامَنْ لَّا یُسْئَلُ اِلَّا عَفْوُهٗ یَامَنْ لَّا یُنْظَرُ اِلَّا بِرُّهٗ یَامَنْ لَّا یُخَافُ اِلَّا عَدْلُهٗ یَا مَنْ لَّا یَدُوْمُ اِلَّا مُلْکُهٗ یَا مَنْ لَّا سُلْطَانَ اِلَّا سُلْطَانُهٗ یَا مَنْ وَّاسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَتُهٗ یَامَنْ سَبَقَتْ رَحْمَتُهٗ غَضَبَهٗ یَامَنْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمُهٗ یَامَنْ لَّیْسَ اَحَدٌ مِّثْلَهٗ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ جس سے اس کے فضل کی اُمید کی جاتی ہے، اے وہ جس سے بخشش کا سوال کیا جاتا ہے، اے وہ جس سے بھلائی کی آس ہے، اے وہ جس کے عدل سے خوف آتا ہے، اے وہ جس کی حکومت ہمیشہ رہے گی، اے وہ جس کی سلطنت کے سوا کوئی سلطنت نہیں، اے وہ جس کی رحمت ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے، اے وہ جس کی رحمت اُس کے غضب سے آگے ہے، اے وہ جس کا علم ہر چیز پر حاوی ہے، اے وہ کہ جس کے جیسا کوئی نہیں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۲۰) یَا فَارِجَ الْهَمِّ یَا كَاشِفَ الْغَمِّ یَا غَافِرَ الذَّنْبِ یَا قَابِلَ التَّوْبِ یَا خَالِقَ الْخَلْقِ یَا صَادِقَ الْوَعْدِ یَا مُوْفِيَ الْعَهْدِ یَا عَالِمَ السِّرِّ یَا فَالِقَ الْحَبِّ یَا رَازِقَ الْاَنَامِ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے اندیشے ہٹا دینے والے، اے غم دور کرنے والے، اے گناہ معاف کرنے والے، اے توبہ قبول کرنے والے، اے مخلوقات کے خالق، اے وعدے میں سچے، اے عہد پورا کرنے والے، اے راز کے جاننے والے، اے دانے کو چیرنے والے، اے لوگوں کے رازق، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۲۱) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ یَا عَلِیُّ یَا وَفِیُّ یَا غَنِیُّ یَا مَلِیُّ یَا حَفِیُّ یَا رَضِیُّ یَا زَكِیُّ یَا بَدِیُّ یَا قَوِیُّ یَا وَلِیُّ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام سے، اے بلند، اے وفادار، اے بے نیاز، اے مہربان، اے احسان کرنیوالے، اے پسندیدہ، اے پاکیزہ، اے ابتداء کرنے والے، اے قوت والے، اے حاکم، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار

(۲۲) یَا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِیْلَ یَا مَنْ سَتَرَ الْقَبِیْحَ یَا مَنْ لَّمْ یُؤَاخِذْ بِالْجَرِیْرَةِ یَا مَنْ لَّمْ یَهْتِكِ السِّتْرَ یَا عَظِیْمَ الْعَفْوِ یَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ یَا بَاسِطَ الْیَدَیْنِ بِا

الرَّحْمَةِ یَا صَاحِبَ کُلِّ نَجْوٰی یَا مُنْتَھٰی کُلِّ شَکْوٰی سُبْحَانَکَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْث الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ جس نے نیکی کو ظاہر کیا، اے وہ جس نے بدی کو ڈھانپ دیا، اے وہ جس نے جرم پر گرفت نہیں فرمائی، اے وہ جس نے پردہ فاش نہیں کیا، اے بہت معاف کرنے والے، اے بہترین درگزر کرنے والے، اے وسیع مغفرت والے، اے دونوں ہاتھوں سے رحمت کرنے والے، اے ہر سرگوشی کے مالک، اے شکایت سننے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادسن فریادسن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۲۳) یَا ذَا النِّعْمَةِ السَّابِغَةِ یَا ذَا الرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ یَا ذَا الْمِنَّةِ السَّابِقَةِ یَا ذَا الْحِکْمَةِ الْبَالِغَةِ یَا ذَا الْقُدْرَةِ الْکَامِلَةِ یَا ذَا الْحُجَّةِ الْقَاطِعَةِ یَا ذَا الْکَرَامَةِ الظَّاھِرَةِ یَا ذَا الْعِزَّةِ الدَّآئِمَةِ یَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِیْنَةِ یَا ذَا الْعَظَمَةِ الْمَنِیْعَةِ سُبْحَانَکَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْث الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے کامل نعمت کے مالک، اے وسیع رحمت والے، اے احسان میں پہل کرنے والے، اے بھرپور حکمت والے، اے کامل قدرت والے، اے قاطع دلیل والے، اے کھلی ہوئی بزرگی والے، اے ہمیشہ کی عزت والے، اے مضبوط قوت والے، اے سب سے زیادہ عظمت والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادسن فریادسن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۲۴) یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ یَا جَاعِلَ الظُّلُمَاتِ یَا رَاحِمَ الْعَبَرَاتِ یَا مُقِیْلَ الْعَثَرَاتِ یَا سَاتِرَ الْعَوْرَاتِ یَا مُحْیِیَ الْاَمْوَاتِ یَا مُنْزِلَ الْاٰیَاتِ یَا مُضَعِّفَ الْحَسَنَاتِ یَا مَاحِیَ السَّیِّئَاتِ یَا شَدِیْدَ النَّقِمَاتِ سُبْحَانَکَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْث الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے آسمانوں کے بنانے والے، اے تاریکیوں کو وجود میں لانے والے، اے آنسوؤں پر رحم کرنے والے، اے لغزشوں کے معاف کرنے والے، اے عیبوں کے چھپانے والے، اے مُردوں کو زندہ کرنے والے، اے آیات کے نازل کرنے والے، اے نیکیوں کو دوچند کرنے والے، اے گناہوں کے مٹانے والے، اے سخت بدلہ لینے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۲۵) اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ یَا مُصَوِّرُ یَا مُقَدِّرُ یَا مُدَبِّرُ یَا مُطَھِّرُ یَا مُنَوِّرُ یَا مُیَسِّرُ یَا مُبَشِّرُ یَا مُنْذِرُ یَا مُقَدِّمُ یَا مُؤَخِّرُ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام کا واسطہ دے کر، اے صورت ساز، اے اندازہ کرنے والے، اے تدبیر کرنے والے، اے پاک کرنے والے، اے روشن کرنے والے، اے آسان کرنے والے، اے بشارت دینے والے، اے ڈرانے والے، اے سب سے پہلے، اے سب سے آخری، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۲۶) یَا رَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ یَا رَبَّ الشَّھْرِ الْحَرَامِ یَا رَبَّ الْبَلَدِ الْحَرَامِ یَا رَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ یَا رَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ یَا رَبَّ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ یَا رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ یَا رَبَّ النُّوْرِ وَالظَّلَامِ یَا رَبَّ التَّحِیَّةِ وَالسَّلَامِ یَا رَبَّ الْقُدْرَةِ فِی الْاَنَامِ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے مقدس گھر کے رب، اے مقدس مہینے کے رب، اے محترم شہر کے رب، اے رکن و مقام کے رب، اے معشر محترم کے رب، اے مسجد الحرام کے رب، اے حل و حرام کے رب، اے روشنی اور تاریکیوں کے رب، اے درود و سلام کے رب، اے لوگوں میں توانائی پیدا کرنے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۲۷) یَآ اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ یَآ اَعْدَلَ الْعَادِلِیْنَ یَآ اَصْدَقَ الصَّادِقِیْنَ یَا اَطْهَرَ الطَّاهِرِیْنَ یَآ اَحْسَنَ الْخَالِقِیْنَ یَآ اَسْرَعَ الْحَاسِبِیْنَ یَآ اَسْمَعَ السَّامِعِیْنَ یَآ اَبْصَرَ النَّاظِرِیْنَ یَآ اَشْفَعَ الشَّافِعِیْنَ یَآ اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَارَبِّ o

اے حاکموں میں بڑے حاکم، اے عادلوں میں سب سے زیادہ عادل، اے سچوں میں زیادہ سچے، اے پاکوں میں پاک تر، اے خالقوں میں بہتر خالق، اے حساب کرنے والوں میں زیادہ تیز، اے سننے والوں میں بہترین سننے والے، اے دیکھنے والوں میں زیادہ دیکھنے والے، اے شفاعت کرنے والوں میں زیادہ شفیع، اے بزرگی والوں میں بڑے بزرگ، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادرس فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۲۸) یَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ یَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ یَا ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ یَا حِرْزَ مَنْ لَّا حِرْزَ لَهٗ یَا غِیَاثَ مَنْ لَّا غِیَاثَ لَهٗ یَا فَخْرَ مَنْ لَّا فَخْرَ لَهٗ یَا عِزَّ مَنْ لَّا عِزَّ لَهٗ یَا مُعِیْنَ مَنْ لَّا مُعِیْنَ لَهٗ یَآ اَنِیْسَ مَنْ لَّآ اَنِیْسَ لَهٗ یَآ اَمَانَ مَنْ لَّآ اَمَانَ لَهٗ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَارَبِّ o

اے اُس کی ٹیک جس کی کوئی ٹیک نہیں، اے اُس کے سہارے جس کا کوئی سہارا نہیں، اے اُس کا سرمایہ جس کا کوئی سرمایہ نہیں، اے اُس کی پناہ جس کی کوئی پناہ نہیں، اے اُس کے فریادرس جس کا کوئی فریادرس نہیں، اے اُس کی بڑائی جس کی کوئی بڑائی نہیں، اے اُس کی عزت جس کے لئے عزت نہیں، اے اُس کے مددگار جس کا کوئی مددگار نہیں، اے اُس کے ساتھی جس کا کوئی ساتھی نہیں، اے اُس کی پناہ جس کی کوئی پناہ نہیں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادرس فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۲۹) اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ يَا عَاصِمُ يَا قَآئِمُ يَا دَآئِمُ يَا رَاحِمُ يَا سَالِمُ يَا حَاكِمُ يَا عَالِمُ يَا قَاسِمُ يَا قَابِضُ يَا بَاسِطُ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام کے واسطہ سے، اے پناہ دینے والے، اے پائیدار، اے ہمیشگی والے، اے رحم کرنے والے، اے بے عیب، اے حکومت کے مالک، اے علم والے، اے تقسیم کرنے والے، اے بند کرنے والے، اے کھولنے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۳۰) يَا عَاصِمَ مَنِ اسْتَعْصَمَهٗ يَا رَاحِمَ مَنِ اسْتَرْحَمَهٗ يَا غَافِرَ مَنِ اسْتَغْفَرَهٗ يَا نَاصِرَ مَنِ اسْتَنْصَرَهٗ يَا حَافِظَ مَنِ اسْتَحْفَظَهٗ يَا مُكْرِمَ مَنِ اسْتَكْرَمَهٗ يَا مُرْشِدَ مَنِ اسْتَرْشَدَهٗ يَا صَرِيْخَ مَنِ اسْتَصْرَخَهٗ يَا مُعِيْنَ مَنِ اسْتَعَانَهٗ يَا مُغِيْثَ مَنِ اسْتَغَاثَهٗ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے اُس کے نگہدار جو نگہداری چاہے، اے رحم کرنے والے اس پر جو رحم کا طالب ہو، اے بخشنے والے اُس کے جو طالبِ بخشش ہو، اے نصرت کرنے والے اُس کے جو نصرت چاہے، اے حفاظت کرنے والے اُس کی جو حفاظت کا طالب ہو، اے بڑائی دینے والے اُس کو جو بڑائی کا طالب ہو، اے رہنمائی کرنے والے اُس کی جو رہنمائی چاہے، اے دادرس اُس کے جو دادرسی کا طالب ہو، اے مددگار اُس کے جو مدد کا طالب ہو، اے فریادرس اُس کے جو فریاد کرے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۳۱) يَا عَزِيْزًا لَّا يُضَامُ يَا لَطِيْفًا لَّا يُرَامُ يَا قَيُّوْمًا لَّا يَنَامُ يَا دَآئِمًا لَّا يَفُوْتُ يَا حَيًّا لَّا يَمُوْتُ يَا مَلِكًا لَّا يَزُوْلُ يَا بَاقِيًا لَّا يَفْنٰى يَا عَالِمًا لَّا يَجْهَلُ يَا صَمَدًا لَّا يُطْعَمُ يَا قَوِيًّا لَّا

يَضْعُفُ سُبْحَانَكَ يَالَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے وہ غالب جو ظلم نہیں کرتا، اے وہ باریک جو نظر انداز نہیں ہوتا، اے وہ نگہبان جو سوتا نہیں، اے وہ جاوداں جو مرتا نہیں، اے وہ زندہ جسے موت نہیں، اے وہ بادشاہ جسے زوال نہیں، اے وہ باقی جسے فنا نہیں، اے وہ عالم جس میں جہل نہیں، اے بے نیاز جو کھاتا نہیں، اے وہ قوی جسے ضعف نہیں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۳۲) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ يَآ اَحَدُ يَا وَاحِدُ يَا شَاهِدُ يَا مَاجِدُ يَا حَامِدُ يَا رَاشِدُ يَا بَاعِثُ يَا وَارِثُ يَا ضَآرُّ يَا نَافِعُ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام سے، اے یکتا، اے یگانہ، اے حاضر، اے بزرگوار، اے تعریف والے، اے رہنما، اے کھڑا کرنے والے، اے ورثہ والے، اے خسارا دینے والے، اے نفع دینے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۳۳) يَآ اَعْظَمَ مِنْ كُلِّ عَظِيْمٍ يَّآ اَكْرَمَ مِنْ كُلِّ كَرِيْمٍ يَّآ اَرْحَمَ مِنْ كُلِّ رَحِيْمٍ يَّآ اَعْلَمَ مِنْ كُلِّ عَلِيْمٍ يَّآ اَحْكَمَ مِنْ كُلِّ حَكِيْمٍ يَّآ اَقْدَمَ مِنْ كُلِّ قَدِيْمٍ يَّآ اَكْبَرَ مِنْ كُلِّ كَبِيْرٍ يَّآ اَلْطَفَ مِنْ كُلِّ لَطِيْفٍ يَّآ اَجَلَّ مِنْ كُلِّ جَلِيْلٍ يَّآ اَعَزَّ مِنْ كُلِّ عَزِيْزٍ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے سب بڑوں سے بڑے، اے سب بزرگوں سے بزرگ تر، اے سب مہربانوں سے مہربان، اے ہر عالم سے بڑے عالم، اے ہر حکیم سے بڑے حکیم، اے ہر قدیم سے قدیم تر، اے ہر بزرگ سے بزرگ تر، اے ہر لطیف سے زیادہ لطیف، اے ہر جلال والے سے زیادہ جلال والے، اے ہر زبردست سے زیادہ زبردست، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے

پرودگار۔

(۳۴) یَا کَرِیْمَ الصَّفْحِ یَا عَظِیْمَ الْمَنِّ یَا کَثِیْرَ الْخَیْرِ یَا قَدِیْمَ الْفَضْلِ یَا دَآئِمَ اللُّطْفِ یَا لَطِیْفَ الصُّنْعِ یَا مُنَفِّسَ الْکَرْبِ یَا کَاشِفَ الضُّرِّ یَا مَالِكَ الْمُلْكِ یَا قَاضِیَ الْحَقِّ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے بہتر درگزر کرنے والے، اے بڑے احسان والے، اے زیادہ خیر والے، اے قدیم فضل والے، اے ہمیشہ کے لطف والے، اے خوب تر صنعت والے، اے سختی دور کرنے والے، اے دکھ دور کرنے والے، اے ہر مُلک کے مالک، اے حق کا فیصلہ دینے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادرس فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۳۵) یَا مَنْ هُوَ فِیْ عَهْدِهٖ وَفِیٌّ یَّا مَنْ هُوَ فِیْ وَفَائِهٖ قَوِیٌّ یَّا مَنْ هُوَ فِیْ قُوَّتِهٖ عَلِیٌّ یَّا مَنْ هُوَ فِیْ عُلُوِّهٖ قَرِیْبٌ یَّا مَنْ هُوَ فِیْ قُرْبِهٖ لَطِیْفٌ یَّا مَنْ هُوَ فِیْ لُطْفِهٖ شَرِیْفٌ یَّا مَنْ هُوَ فِیْ شَرَفِهٖ عَزِیْزٌ یَّا مَنْ هُوَ فِیْ عِزِّهٖ عَظِیْمٌ یَّا مَنْ هُوَ فِیْ عَظْمَتِهٖ مَجِیْدٌ یَّا مَنْ هُوَ فِیْ مَجْدِهٖ حَمِیْدٌ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ جو اپنے عہد کو پورا کرنے والا ہے، اے وہ جو اپنی وفا میں قوی ہے، اے وہ جو اپنی قوت میں بلند ہے، اے وہ جو اپنی بلندی میں قریب ہے، اے وہ جو اپنے قرب میں مہربان ہے، اے وہ جو اپنے لطف میں بلند تر ہے، اے وہ جو اپنی بلندی میں عزت دار ہے، اے وہ جو اپنی عزت میں عظیم ہے، اے وہ جو اپنی عظمت میں بلند مرتبہ ہے، اے وہ جو اپنے مرتبے میں تعریف والا ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادرس فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۳۶) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ یَا کَافِیْ یَا شَافِیْ یَا وَافِیْ یَا مُعَافِیْ یَا هَادِیْ یَا دَاعِیْ یَا قَاضِیْ یَا رَاضِیْ یَا عَالِیْ یَا بَاقِیْ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ

النَّارِ یَارَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام کے واسطہ سے ، اے کفایت کرنے والے، اے شِفاء دینے والے، اے وفادار، اے عافیت دینے والے، اے ہدایت دینے والے، اے بلانے والے، اے فیصلہ کرنے والے، اے خوشنودی والے، اے بلندی والے، اے باقی رہنے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۳۷) یَا مَنْ کُلُّ شَیْءٍ خَاضِعٌ لَّہٗ یَا مَنْ کُلُّ شَیْءٍ خَاشِعٌ لَّہٗ یَا مَنْ کُلُّ شَیْءٍ کَآئِنٌ لَّہٗ یَا مَنْ کُلُّ شَیْءٍ مَّوْجُوْدٌۢ بِہٖ یَا مَنْ کُلُّ شَیْءٍ مُّنِیْبٌ اِلَیْہِ یَا مَنْ کُلُّ شَیْءٍ خَآئِفٌ مِّنْہُ یَا مَنْ کُلُّ شَیْءٍ قَآئِمٌۢ بِہٖ یَا مَنْ کُلُّ شَیْءٍ صَآئِرٌ اِلَیْہِ یَا مَنْ کُلُّ شَیْءٍ یُّسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ یَا مَنْ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِكٌ اِلَّا وَجْھَہٗ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَارَبِّ ہ

اے وہ جس کے آگے ہر چیز جھکتی ہے، اے وہ جس کے آگے ہر چیز خوف زدہ ہے، اے وہ جس سے ہر چیز کو وجود ملا، اے وہ جس کے ذریعے ہر چیز موجود ہوئی، اے وہ جس کی طرف ہر چیز کی بازگشت ہے، اے وہ جس سے ہر چیز ڈرتی ہے، اے وہ جس کے ذریعے ہر چیز باقی ہے، اے وہ جس کی طرف ہر چیز لوٹتی ہے، اے وہ کہ ہر چیز جس کی حمد میں مصروف ہے، اے وہ جس کے جلوے کے سوا ہر چیز ناپید ہو جائے گی، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۳۸) یَا مَنْ لَّا مَفَرَّ اِلَّآ اِلَیْہِ یَا مَنْ لَّا مَفْزَعَ اِلَّآ اِلَیْہِ یَا مَنْ لَّا مَقْصَدَ اِلَّآ اِلَیْہِ یَا مَنْ لَّا مَنْجَا مِنْہُ اِلَّآ اِلَیْہِ یَا مَنْ لَّا یُرْغَبُ اِلَّآ اِلَیْہِ یَا مَنْ لَّا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِہٖ یَا مَنْ لَّا یُسْتَعَانُ اِلَّا بِہٖ یَا مَنْ لَّا یُتَوَکَّلُ اِلَّا عَلَیْہِ یَا مَنْ لَّا یُرْجٰی اِلَّا ھُوَ یَا مَنْ لَّا یُعْبَدُ اِلَّا ھُوَ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَارَبِّ ہ

اے وہ جس کے سوا کوئی جائے فرار نہیں، اے وہ جس کے سوا کوئی جائے پناہ نہیں، اے وہ جس کے سوا کوئی مقام قصد نہیں، اے وہ جس سے خلاصی نہیں لیکن اس کی طرف سے، اے وہ جس کے سوا کسی کو رغبت نہیں ہو سکتی، اے وہ کہ نہیں ہے حرکت و قوت مگر اسی سے، اے وہ جس کے سوا کہیں سے مدد نہیں مل سکتی، اے وہ جس کے سوا کسی پر بھروسہ نہیں ہو سکتا، اے وہ جس کے سوا کسی سے اُمید نہیں ہو سکتی، اے وہ جس کے سوا کسی کی عبادت نہیں ہو سکتی، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۳۹) يَا خَيْرَ الْمَرْهُوْبِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَرْغُوْبِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَطْلُوْبِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَقْصُوْدِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَذْكُوْرِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَشْكُوْرِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَحْبُوْبِيْنَ يَا خَيْرَ الْمَدْعُوِّيْنَ يَا خَيْرَ الْمُسْتَاْنِسِيْنَ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ۝

اے بہترین ڈرانے والے، اے بہترین لبھانے والے، اے بہترین طلب کیے جانے والے، اے بہترین سوال کیے جانے والے، اے بہترین قصد کیے جانے والے، اے بہترین ذکر کیے جانے والے، اے بہترین شکر کیے جانے والے، اے بہترین محبت کیے جانے والے، اے بہترین پکارے جانے والے، اے بہترین انس کیے جانے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۰) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ يَا غَافِرُ يَا سَاتِرُ يَا قَادِرُ يَا قَاهِرُ يَا فَاطِرُ يَا كَاسِرُ يَا جَابِرُ يَا ذَاكِرُ يَا نَاظِرُ يَا نَاصِرُ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ۝

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام سے، اے معاف کرنے والے، اے ڈھانپنے والے، اے قدرت والے، اے غلبہ والے، اے پیدا کرنے والے، اے توڑنے والے، اے جوڑنے والے، اے

ذکر کرنے والے، اے دیکھنے والے، اے مدد کرنے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۱) يَا مَنْ خَلَقَ فَسَوّٰى يَا مَنْ قَدَّرَ فَهَدٰى يَا مَنْ يَّكْشِفُ الْبَلْوٰى يَا مَنْ يَّسْمَعُ النَّجْوٰى يَا مَنْ يَّنْقِذُ الْغَرْقٰى يَا مَنْ يُّنْجِي الْهَلْكٰى يَا مَنْ يَّشْفِي الْمَرْضٰى يَا مَنْ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى يَا مَنْ اَمَاتَ وَاَحْيٰى يَا مَنْ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے وہ جس نے پیدا کیا پھر درست کیا، اے وہ جس نے اندازہ ٹھہرایا پھر ہدایت دی، اے وہ جو بلائیں دور کرتا ہے، اے وہ جو سر گوشیاں سنتا ہے، اے وہ جو ڈوبنے والوں کو بچاتا ہے، اے وہ جو ہلاکتوں سے نجات دیتا ہے، اے وہ جو مریضوں کو شفاء دیتا ہے، اے وہ جو رونے والوں کو ہنساتا ہے، اے وہ جو مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے، اے وہ جس نے جوڑے بنائے نر اور مادہ کے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۲) يَا مَنْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ سَبِيْلُهٗ يَا مَنْ فِي الْاٰفَاقِ اٰيَاتُهٗ يَا مَنْ فِي الْاٰيَاتِ بُرْهَانُهٗ يَا مَنْ فِي الْمَمَاتِ قُدْرَتُهٗ يَا مَنْ فِي الْقُبُوْرِ عِبْرَتُهٗ يَا مَنْ فِي الْقِيٰمَةِ مُلْكُهٗ يَا مَنْ فِي الْحِسَابِ هَيْبَتُهٗ يَا مَنْ فِي الْمِيْزَانِ قَضَآءُهٗ يَا مَنْ فِي الْجَنَّةِ ثَوَابُهٗ يَا مَنْ فِي النَّارِ عِقَابُهٗ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے وہ جس نے خاک و آب میں راستے بنائے، اے وہ جس نے فضا میں اپنی نشانیاں بنائیں، اے وہ جس کی نشانیوں میں قوی دلیل ہے، اے وہ کہ موت میں جس کی قدرت ظاہر ہے، اے وہ جس نے قبروں میں عبرت رکھی ہے، اے وہ قیامت میں جس کی بادشاہت ہے، اے وہ حساب جس کی ہیبت ہے، اے وہ میزان عمل جس کی منصفی ہے، اے وہ جس کی طرف سے ثواب جنت ہے، اے وہ جس کا عذاب دوزخ ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار

(۴۳) یَا مَنْ اِلَیْهِ یَهْرَبُ الْخَآئِفُوْنَ یَا مَنْ اِلَیْهِ یَفْزَعُ الْمُذْنِبُوْنَ یَا مَنْ اِلَیْهِ یَقْصِدُ الْمُنِیْبُوْنَ یَا مَنْ اِلَیْهِ یَرْغَبُ الزَّاهِدُوْنَ یَا مَنْ اِلَیْهِ یَلْجَأُ الْمُتَحَیِّرُوْنَ یَا مَنْ بِهٖ یَسْتَاْنِسُ الْمُرِیْدُوْنَ یَا مَنْ بِهٖ یَفْتَخِرُ الْمُحِبُّوْنَ یَا مَنْ فِیْ عَفْوِهٖ یَطْمَعُ الْخَاطِئُوْنَ یَا مَنْ اِلَیْهِ یَسْکُنُ الْمُوْقِنُوْنَ یَا مَنْ عَلَیْهِ یَتَوَکَّلُ الْمُتَوَکِّلُوْنَ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ کہ خوف زدہ جس کی طرف بھاگتے ہیں، اے وہ کہ گنہگار جس کی پناہ لیتے ہیں، اے وہ کہ توبہ کرنے والے جس کا قصد کرتے ہیں، اے وہ کہ جس کی طرف پرہیز گار رغبت کرتے ہیں، اے وہ کہ پریشان لوگ جس کی پناہ چاہتے ہیں، اے وہ کہ ارادہ کرنے والے جس سے مانوس ہیں، اے وہ جس پر محب لوگ فخر کرتے ہیں، اے وہ کہ خطاکار جس کے عفو کی خواہش رکھتے ہیں، اے وہ کہ جس کے ہاں یقین والے سکون پاتے ہیں، اے وہ کہ توکل کرنے والے جس پر توکل کرتے ہیں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۴) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ یَا حَبِیْبُ یَا طَبِیْبُ یَا قَرِیْبُ یَا رَقِیْبُ یَا حَسِیْبُ یَا مُھِیْبُ یَا مُثِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا خَبِیْرُ یَا بَصِیْرُ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام سے، اے محبوب، اے چارہ گر، اے نزدیک تر، اے نگہدار، اے حساب رکھنے والے، اے ہیبت والے، اے ثواب دینے والے، اے قبول کرنے والے، اے باخبر، اے بینا، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۵) یَآ اَقْرَبَ مِنْ کُلِّ قَرِیْبٍ یَّآ اَحَبَّ مِنْ کُلِّ حَبِیْبٍ یَّآ اَبْصَرَ مِنْ کُلِّ بَصِیْرٍ یَّآ اَخْبَرَ

مِنْ كُلِّ خَبِيْرٍ يَّا اَشْرَفَ مِنْ كُلِّ شَرِيْفٍ يَّا اَرْفَعَ مِنْ كُلِّ رَفِيْعٍ يَّا اَقْوٰى مِنْ كُلِّ قَوِيٍّ يَا اَغْنٰى مِنْ كُلِّ غَنِيٍّ يَّا اَجْوَدَ مِنْ كُلِّ جَوَادٍ يَّا اَرْءَفَ مِنْ كُلِّ رَءُوْفٍ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے ہر قریب سے زیادہ قریب، اے ہر محب سے زیادہ محبت کرنیوالے، اے ہر دیکھنے والے سے زیادہ بینا، اے ہر باخبر سے زیادہ خبر والے، اے ہر بزرگ سے زیادہ بزرگ، اے ہر بلند سے زیادہ بلندتر، اے ہر توانا سے زیادہ توانا، اے ہر باثروت سے زیادہ باثروت، اے ہر داتا سے بڑے داتا، اے ہر مہربان سے زیادہ مہربان، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۶) يَا غَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ يَّا صَانِعًا غَيْرَ مَصْنُوْعٍ يَّا خَالِقًا غَيْرَ مَخْلُوْقٍ يَّا مَالِكًا غَيْرَ مَمْلُوْكٍ يَّا قَاهِرًا غَيْرَ مَقْهُوْرٍ يَّا رَافِعًا غَيْرَ مَرْفُوْعٍ يَّا حَافِظًا غَيْرَ مَحْفُوْظٍ يَّا نَاصِرًا غَيْرَ مَنْصُوْرٍ يَّا شَاهِدًا غَيْرَ غَائِبٍ يَّا قَرِيْبًا غَيْرَ بَعِيْدٍ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے وہ غالب جس پر کوئی غالب نہیں، اے وہ صانع جسے کسی نے نہیں بنایا، اے وہ خالق جو خلق نہیں ہوا، اے وہ مالک جس کا کوئی مالک نہیں، اے وہ زبردست جو کسی کے زیر نہیں، اے وہ بلند جسے کسی نے بلند نہیں کیا، اے وہ نگہبان جس کا کوئی نگہبان نہیں، اے وہ مددگار جس کا کوئی مددگار نہیں، اے وہ حاضر جو کہیں بھی غائب نہیں، اے وہ قریب جو کبھی دور نہیں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۷) يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا مُنَوِّرَ النُّوْرِ يَا خَالِقَ النُّوْرِ يَا مُدَبِّرَ النُّوْرِ يَا مُقَدِّرَ النُّوْرِ يَا نُوْرَ كُلِّ نُوْرٍ يَّا نُوْرًا قَبْلَ كُلِّ نُوْرٍ يَّا نُوْرًا بَعْدَ كُلِّ نُوْرٍ يَّا نُوْرًا فَوْقَ كُلِّ نُوْرٍ يَّا نُوْرًا لَّيْسَ كَمِثْلِهٖ

نُوْرٌ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے نور کی روشنی، اے نور روشن کرنے والے، اے نور کے پیدا کرنے والے، اے نور کا بندوبست کرنے والے، اے نور کی اندازہ گیری کرنے والے، اے ہر نور کی روشنی، اے ہر نور سے اولین نور، اے ہر نور کے بعد روشن رہنے والے، اے ہر نور سے بالاتر نور، اے وہ نور جس کی مثل کوئی نور نہیں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادسن فریادسن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۸) یَا مَنْ عَطَآءُهٗ شَرِیْفٌ یَّا مَنْ فِعْلُهٗ لَطِیْفٌ یَّا مَنْ لُّطْفُهٗ مُقِیْمٌ یَّا مَنْ اِحْسَانُهٗ قَدِیْمٌ یَّا مَنْ قَوْلُهٗ حَقٌّ یَّا مَنْ وَعْدُهٗ صِدْقٌ یَّا مَنْ عَفْوُهٗ فَضْلٌ یَّا مَنْ عَذَابُهٗ عَدْلٌ یَّا مَنْ ذِکْرُهٗ حُلْوٌ یَّا مَنْ فَضْلُهٗ عَمِیْمٌ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ جس کی عطا بلند تر ہے، اے وہ جس کا فعل باریک تر ہے، اے وہ جس کا لطف پائندہ ہے، اے وہ جس کا احسان قدیم ہے، اے وہ جس کا قول حق ہے، اے وہ جس کا وعدہ سچا ہے، اے وہ جس کے عفو میں احسان ہے، اے وہ جسکے عذاب میں عدل ہے، اے وہ جس کا ذکر شیریں ہے، اے وہ جس کا احسان عام ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادسن فریادسن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار

(۴۹) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ یَا مُسَهِّلُ یَا مُفَصِّلُ یَا مُبَدِّلُ یَا مُذَلِّلُ یَا مُنَزِّلُ یَا مُنَوِّلُ یَا مُفْضِلُ یَا مُجْزِلُ یَا مُمْهِلُ یَا مُجْمِلُ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام سے، اے ہموار کرنے والے، اے جدا کرنے والے، اے تبدیل کرنے والے، اے پست کرنے والے، اے اتارنے والے، اے عطا کرنے والے، اے نعمت دینے والے، اے فیض کرنے والے، اے مہلت دینے والے، اے نیکوکار، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادسن فریادسن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۵۰) يَا مَنْ يَّرٰی وَلَا يُرٰی يَا مَنْ يَّخْلُقُ وَلَا يُخْلَقُ يَا مَنْ يَّهْدِیْ وَلَا يُهْدٰی يَا مَنْ يُّحْيِیْ وَلَا يُحْيٰی يَا مَنْ يَّسْئَلُ وَلَا يُسْئَلُ يَا مَنْ يُّطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ يَا مَنْ يُّجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ يَا مَنْ يَّقْضِیْ وَلَا يُقْضٰی عَلَيْهِ يَا مَنْ يَّحْكُمُ وَلَا يُحْكَمُ عَلَيْهِ يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے وہ جو دیکھتا ہے خود نظر نہیں آتا، اے وہ جو خلق کرتا ہے اور خلق نہیں ہوا، اے وہ جو ہدایت دیتا ہے اور ہدایت طلب نہیں کرتا، اے وہ جو زندہ ہے اور زندہ نہیں کیا گیا، اے وہ جو مسئول ہے اور سائل نہیں ہے، اے وہ جو کھلاتا ہے اور کھاتا نہیں ہے، اے وہ جو پناہ دیتا ہے اور محتاج نہیں ہے، اے وہ جو فیصلے کرتا ہے اور طالب فیصلہ نہیں ہے، اے وہ جو حکم کرتا ہے اور اس پر کسی کا حکم نہیں چلتا، اے وہ جس کا کوئی بیٹا نہیں اور نہ وہ کسی کا بیٹا ہے اور نہ کوئی اُس کا ہمسر ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۵۱) يَا نِعْمَ الْحَسِيْبُ يَا نِعْمَ الطَّبِيْبُ يَا نِعْمَ الرَّقِيْبُ يَا نِعْمَ الْقَرِيْبُ يَا نِعْمَ الْمُجِيْبُ يَا نِعْمَ الْحَبِيْبُ يَا نِعْمَ الْكَفِيْلُ يَا نِعْمَ الْوَكِيْلُ يَا نِعْمَ الْمَوْلٰی يَا نِعْمَ النَّصِيْرُ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے بہترین حساب کرنے والے، اے بہترین چارہ گر، اے بہترین نگہبان، اے وہ جو کتنا قریب ہے، اے وہ جو دعا قبول کرنے والا ہے، اے وہ جو بہترین محبوب ہے، اے وہ جو بہترین سرپرست ہے، اے وہ جو بہترین کارساز ہے، اے بہترین آقا، اے بہترین یاور، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۵۲) يَا سُرُوْرَ الْعَارِفِيْنَ يَا مُنَی الْمُحِبِّيْنَ يَآ اَنِيْسَ الْمُرِيْدِيْنَ يَا حَبِيْبَ التَّوَّابِيْنَ يَا

رَازِقَ الْمُقِلِّيْنَ يَا رَجَآءَ الْمُذْنِبِيْنَ يَا قُرَّةَ عَيْنِ الْعَابِدِيْنَ يَا مُنَفِّسَ عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ يَا مُفَرِّجَ عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ يَآ اِلٰهَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے عارفوں کی شادمانی، اے حب داروں کی تمنا، اے ارادت والوں کے ہمدم، اے توبہ کرنے والوں کے محبوب، اے بے مایہ لوگوں کے رازق، اے گناہ گاروں کی آس، اے عبادت کرنے والوں کی خنکی چشم، اے دکھیاروں کے دکھ دور کرنے والے، اے غم زدوں کا غم مٹانے والے، اے پہلوں اور پچھلوں کے معبود، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۵۳) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ يَا رَبَّنَا يَآ اِلٰهَنَا يَا سَيِّدَنَا يَا مَوْلٰنَا يَا نَاصِرَنَا يَا حَافِظَنَا يَا دَلِيْلَنَا يَا مُعِيْنَنَا يَا حَبِيْبَنَا يَا طَبِيْبَنَا سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے ہی نام سے، اے ہمارے رب، اے ہمارے معبود، اے ہمارے سردار، اے ہمارے آقا، اے ہمارے یاور، اے ہمارے محافظ، اے ہمارے راہنما، اے ہمارے مددگار، اے ہمارے محبوب، اے ہمارے چارہ گر، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۵۴) يَا رَبَّ النَّبِيِّيْنَ وَالْاَبْرَارِ يَا رَبَّ الصِّدِّيْقِيْنَ وَالْاَخْيَارِ يَا رَبَّ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ يَا رَبَّ الصِّغَارِ وَالْكِبَارِ يَارَبَّ الْحُبُوْبِ وَالثِّمَارِ يَا رَبَّ الْاَنْهَارِ وَالْاَشْجَارِ يَا رَبَّ الصَّحَارِیْ وَالْقِفَارِ يَا رَبَّ الْبَرَارِیْ وَالْبِحَارِ يَا رَبَّ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ يَا رَبَّ الْاَعْلَانِ وَالْاَسْرَارِ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے انبیاء و صالحین کے پروردگار، اے صدیقوں اور نیک لوگوں کے پروردگار، اے جنت اور دوزخ کے مالک، اے چھوٹوں اور بڑوں کے رب، اے دانہ و ثمر کے پروان چڑھانے والے، اے دریاؤں اور درختوں کے مالک، اے صحراؤں اور بستیوں کے مالک، اے خشکی اور سمندروں کے پروردگار، اے دن اور رات کے مالک، اے کھلی اور چھپی ہوئی باتوں کے مالک، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۵۵) يَا مَنْ نَّفَذَ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ اَمْرُهٗ يَا مَنْ لَّحِقَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمُهٗ يَا مَنْ بَلَغَتْ اِلٰى كُلِّ شَيْءٍ قُدْرَتُهٗ يَا مَنْ لَّا تُحْصِي الْعِبَادُ نِعَمَهٗ يَا مَنْ لَّا تَبْلُغُ الْخَلَآئِقُ شُكْرَهٗ يَا مَنْ لَّا تُدْرِكُ الْاَفْهَامُ جَلَالَهٗ يَا مَنْ لَّا تَنَالُ الْاَوْهَامُ كُنْهَهٗ يَا مَنِ الْعَظَمَةُ وَالْكِبْرِيَآءُ رِدَآءُهٗ يَا مَنْ لَّا تَرُدُّ الْعِبَادُ قَضَآءَهٗ يَا مَنْ لَّا مُلْكَ اِلَّا مُلْكُهٗ يَا مَنْ لَّا عَطَآءَ اِلَّا عَطَآءُهٗ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ه

اے وہ جس کا حکم ہر چیز پر جاری ہے، اے وہ جس کا علم ہر چیز پر حاوی ہے، اے وہ جس کی قدرت ہر چیز تک پہنچی ہوئی ہے، اے وہ جس کی نعمتوں کو بندے گن نہیں سکتے، اے وہ کہ مخلوقات جس کا شکر ادا نہیں کر سکتیں، اے وہ کہ جس کی جلالت سمجھ میں نہیں آسکتی، اے وہ جس کی ذات کو وہم پا نہیں سکتا، اے وہ کہ بزرگی اور بڑائی جس کا لباس ہے، اے وہ جس کی قضا کو بندے ٹال نہیں سکتے، اے وہ جس کے سوا کسی کی حکومت نہیں، اے وہ جس کی عطا کے سوا کوئی عطا نہیں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۵۶) يَا مَنْ لَّهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى يَا مَنْ لَّهُ الصِّفَاتُ الْعُلْيَا يَا مَنْ لَّهُ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى يَا مَنْ لَّهُ الْجَنَّةُ الْمَاْوٰى يَا مَنْ لَّهُ الْاٰيَاتُ الْكُبْرٰى يَا مَنْ لَّهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يَا مَنْ لَّهُ الْحُكْمُ وَالْقَضَآءُ يَا مَنْ لَّهُ الْهَوَآءُ وَالْفَضَآءُ يَا مَنْ لَّهُ الْعَرْشُ وَالثَّرٰى يَا مَنْ لَّهُ السَّمٰوٰتُ

الْعُلٰی سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے وہ جس کے لئے نمونہ اعلٰی ہے، اے وہ جس کے لئے بلند صفات ہیں، اے وہ دنیا و آخرت جس کی ملکیت ہیں، اے وہ جو جنت الماویٰ کا مالک ہے، اے وہ جس کی نشانیاں عظیم ہیں، اے وہ جس کے نام پسندیدہ ہیں، اے وہ جو حکم و فیصلے کا مالک ہے، اے وہ کہ ہوا و فضا جس کی ملکیت ہیں، اے وہ جو عرش و فرش کا مالک ہے، اے وہ جو بلند آسمانوں کا مالک ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۵۷) اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ يَا عَفُوُّ يَا غَفُوْرُ يَا صَبُوْرُ يَا شَكُوْرُ يَا رَءُوْفُ يَا عَطُوْفُ يَا مَسْئُوْلُ يَا وَدُوْدُ يَا سُبُّوْحُ يَا قُدُّوْسُ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے ہی نام سے، اے معافی دینے والے، اے بخشنے والے، اے بہت صبر والے، اے بہت شکر والے، اے مہربان، اے نرم خو، اے سوال شدہ، اے محبت والے، اے پاک تر، اے پاکیزہ، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۵۸) يَا مَنْ فِی السَّمَآءِ عَظَمَتُهٗ يَا مَنْ فِی الْاَرْضِ اٰيَاتُهٗ يَا مَنْ فِیْ كُلِّ شَیْءٍ دَلَآئِلُهٗ يَا مَنْ فِی الْبِحَارِ عَجَآئِبُهٗ يَا مَنْ فِی الْجِبَالِ خَزَآئِنُهٗ يَا مَنْ يَّبْدَءُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ يَا مَنْ اِلَيْهِ يَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ يَا مَنْ اَظْهَرَ فِیْ كُلِّ شَیْءٍ لُّطْفَهٗ يَا مَنْ اَحْسَنَ كُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ يَا مَنْ تَصَرَّفَ فِی الْخَلَآئِقِ قُدْرَتُهٗ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے وہ آسمان میں جس کی بڑائی ہے، اے وہ زمین میں جس کی نشانیاں ہیں، اے وہ جس کی دلیلیں ہر چیز میں

ہیں، اے وہ سمندروں میں جس کی انوکھی چیزیں ہیں، اے وہ پہاڑوں میں جس کے خزانے ہیں، اے وہ جس نے خلق کو ظاہر کیا پھر جاری رکھا، اے وہ جس کی طرف ہر امر کی باز گشت ہے، اے وہ جس کا لطف ہر چیز میں عیاں ہے، اے وہ جس نے ہر چیز کو خوبی سے خلق کیا، اے وہ جس کی قدرت مخلوقات میں اثر اندازی کر رہی ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۵۹) يَا حَبِيْبَ مَنْ لَّا حَبِيْبَ لَهٗ يَا طَبِيْبَ مَنْ لَّا طَبِيْبَ لَهٗ يَا مُجِيْبَ مَنْ لَّا مُجِيْبَ لَهٗ يَا شَفِيْقَ مَنْ لَّا شَفِيْقَ لَهٗ يَا رَفِيْقَ مَنْ لَّا رَفِيْقَ لَهٗ يَا مُغِيْثَ مَنْ لَّا مُغِيْثَ لَهٗ يَا دَلِيْلَ مَنْ لَّا دَلِيْلَ لَهٗ يَآ اَنِيْسَ مَنْ لَّا اَنِيْسَ لَهٗ يَا رَاحِمَ مَنْ لَّا رَاحِمَ لَهٗ يَا صَاحِبَ مَنْ لَّا صَاحِبَ لَهٗ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ٥

اے اُس کے ساتھی جس کا کوئی ساتھی نہیں، اے اُس کے چارہ گر جس کا کوئی چارہ گر نہیں، اے اُس کی دعا قبول کرنے والے جس کی دعا کوئی قبول کرنے والا نہیں، اے اُس پر مہربان جس پر کوئی مہربان نہیں، اے اُس کے ہمراہی جس کا کوئی ہمراہی نہیں، اے اُس کے فریادرس جس کا کوئی فریادرس نہیں، اے اُس کے راہنما جس کا کوئی راہنما نہیں، اے اُس کے ہمدم جس کا کوئی ہمدم نہیں، اے اُس پر رحم کرنے والے جس پر کوئی رحم کرنے والا نہیں، اے اُس کے ساتھی جس کا کوئی ساتھی نہیں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۶۰) يَا كَافِيَ مَنِ اسْتَكْفَاهُ يَا هَادِيَ مَنِ اسْتَهْدَاهُ يَا كَالِيَ مَنِ اسْتَكْلَاهُ يَا رَاعِيَ مَنِ اسْتَرْعَاهُ يَا شَافِيَ مَنِ اسْتَشْفَاهُ يَا قَاضِيَ مَنِ اسْتَقْضَاهُ يَا مُغْنِيَ مَنِ اسْتَغْنَاهُ يَا مُوْفِيَ مَنِ اسْتَوْفَاهُ يَا مُقَوِّيَ مَنِ اسْتَقْوَاهُ يَا وَلِيَّ مَنِ اسْتَوْلَاهُ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ٥

اے طالبِ کفایت کی کفایت کرنے والے، اے طالبِ ہدایت کی ہدایت کرنے والے، اے نگہبانی چاہنے

والے کے نگہبان، اے رعایت چاہنے والے کی رعایت کرنے والے، اے شفاء مانگنے والے کو شفاء دینے والے، اے فیصلہ چاہنے والے کا فیصلہ کرنے والے، اے ثروت چاہنے والے کو ثروت دینے والے، اے وفا کے طالب سے وفا کرنے والے، اے قوت کے طالب کو قوت عطا کرنے والے، اے طالبِ سرپرستی کی سرپرستی کرنے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۶۱) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ یَا خَالِقُ یَا رَازِقُ یَا نَاطِقُ یَا صَادِقُ یَا فَالِقُ یَا فَارِقُ یَا فَاتِقُ یَا رَاتِقُ یَا سَابِقُ یَا سَامِقُ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہی نام سے، اے خلق کرنے والے، اے رزق دینے والے، اے بولنے والے، اے صدق والے، اے شگافتہ کرنے والے، اے جدا کرنے والے، اے توڑنے والے، اے جوڑنے والے، اے سب سے پہلے، اے بلندی والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۶۲) یَا مَنْ یُّقَلِّبُ اللَّیْلَ وَالنَّهَارَ یَا مَنْ جَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالْاَنْوَارَ یَا مَنْ خَلَقَ الظِّلَّ وَالْحَرُوْرَ یَا مَنْ سَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ یَا مَنْ قَدَّرَ الْخَیْرَ وَالشَّرَّ یَا مَنْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوۃَ یَا مَنْ لَّهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ یَا مَنْ لَّمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا یَّا مَنْ لَّیْسَ لَهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ یَا مَنْ لَّمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے رات اور دن کو پلٹانے والے، اے روشنیوں اور تاریکیوں کے پیدا کرنے والے، اے سایہ اور دھوپ کو پیدا کرنے والے، اے وہ جس نے سورج اور چاند کو پیدا کیا، اے وہ جس نے نیکی و بدی کا اندازہ ٹھہرایا، اے وہ جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا، اے وہ جس کے ہاتھ میں خلق و امر ہے، اے وہ جس کی نہ کوئی

زوجہ ہے نہ فرزند ہوا، اے وہ جس کی حکومت میں کوئی ساجھی نہیں، اے وہ جو عاجز نہیں کہ اُس کا کوئی مددگار ہو، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۶۳) يَا مَنْ يَّعْلَمُ مُرَادَ الْمُرِيْدِيْنَ يَا مَنْ يَّعْلَمُ ضَمِيْرَ الصَّامِتِيْنَ يَا مَنْ يَّسْمَعُ اَنِيْنَ الْوَاهِنِيْنَ يَا مَنْ يَّرٰى بُكَآءَ الْخَائِفِيْنَ يَا مَنْ يَّمْلِكُ حَوَآئِجَ السَّآئِلِيْنَ يَا مَنْ يَّقْبَلُ عُذْرَ التَّآئِبِيْنَ يَا مَنْ لَّا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ يَا مَنْ لَّا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ يَا مَنْ لَّا يَبْعُدُ عَنْ قُلُوْبِ الْعَارِفِيْنَ يَآ اَجْوَدَ الْاَجْوَدِيْنَ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے وہ جو ارادہ کرنے والوں کی مراد کو جانتا ہے، اے وہ جو خاموش لوگوں کے دل کی باتوں کو جانتا ہے، اے وہ جو کمزوروں کی زاری کو سنتا ہے، اے وہ جو ڈرنے والے لوگوں کا رونا دیکھ لیتا ہے، اے وہ جو سوال کرنے والوں کی حاجتوں کا مالک ہے، اے وہ جو توبہ کرنے والوں کا عذر قبول کرتا ہے، اے وہ جو فسادیوں کے عمل کو اچھا نہیں گردانتا، اے وہ جو نیکوکار لوگوں کے اجر کو رائیگاں نہیں کرتا، اے وہ جو عارفوں کے دلوں سے دور نہیں رہتا، اے سب داتاؤں سے بڑے داتا، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۶۴) يَا دَآئِمَ الْبَقَآءِ يَا سَامِعَ الدُّعَآءِ يَا وَاسِعَ الْعَطَآءِ يَا غَافِرَ الْخَطَآءِ يَا بَدِيْعَ السَّمَآءِ يَا حَسَنَ الْبَلَآءِ يَا جَمِيْلَ الثَّنَآءِ يَا قَدِيْمَ السَّنَآءِ يَا كَثِيْرَ الْوَفَآءِ يَا شَرِيْفَ الْجَزَآءِ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے ہمیشہ باقی رہنے والے، اے دعا کے سننے والے، اے بہت زیادہ عطا کرنے والے، اے خطا کے بخشنے والے، اے آسمان کے بنانے والے، اے بہترین آزمائش کرنے والے، اے اچھی تعریف کرنے والے، اے قدیم بلندی والے، اے بہت وفاداری کرنے والے، اے بہترین جزاء دینے والے، تو پاک ہے اے وہ

کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(٦٥) اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ یَا سَتَّارُ یَا غَفَّارُ یَا قَھَّارُ یَا جَبَّارُ یَا صَبَّارُ یَا بَآرُّ یَا مُخْتَارُ یَا فَتَّاحُ یَا نَفَّاحُ یَا مُرْتَاحُ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام سے، اے پردہ پوش، اے بخشنے والے، اے غلبہ والے، اے زور والے، اے بہت صبر والے، اے نیکی والے، اے اختیار والے، اے کھولنے والے، اے نفع دینے والے، اے شاداں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(٦٦) یَا مَنْ خَلَقَنِیْ وَسَوَّانِیْ یَا مَنْ رَزَقَنِیْ وَرَبَّانِیْ یَا مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَسَقَانِیْ یَا مَنْ قَرَّبَنِیْ وَاَدْنَانِیْ یَا مَنْ عَصَمَنِیْ وَ کَفَانِیْ یَا مَنْ حَفِظَنِیْ وَکَلَانِیْ یَا مَنْ اَعَزَّنِیْ وَاَغْنَانِیْ یَا مَنْ وَفَّقَنِیْ وَھَدَانِیْ یَا مَنْ اٰنَسَنِیْ وَاٰوَانِیْ یَا مَنْ اَمَاتَنِیْ وَاَحْیَانِیْ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ جس نے مجھے پیدا کیا اور سنوارا، اے وہ جس نے مجھے رزق دیا اور پالا، اے وہ جس نے مجھے طعام دیا اور سیر اب کیا، اے وہ جس نے مجھے قریب کیا اور نزدیکی عطا کی، اے وہ جس نے میری نگہداشت کی اور کفایت فرمائی، اے وہ جس نے میری حفاظت کی اور حمایت فرمائی، اے وہ جس نے مجھے عزت دی اور دولت مند بنایا، اے وہ جس نے میری مدد کی اور ہدایت فرمائی، اے وہ جس نے مجھ سے اُنس کیا اور پناہ دی، اے وہ جس نے مجھے موت دی اور زندہ کیا، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(٦٧) یَا مَنْ یُّحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهٖ یَا مَنْ یَّقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ یَا مَنْ یَّحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ

وَقَلْبِهٖ یَا مَنْ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَا مَنْ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِیْلِهٖ یَا مَنْ لَّا مُعَقِّبَ لِحُکْمِهٖ یَا مَنْ لَّا رَآدَّ لِقَضَآئِهٖ یَا مَنِ انْقَادَ کُلُّ شَیْءٍ لِّاَمْرِهٖ یَا مَنِ السَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌ بِیَمِیْنِهٖ یَا مَنْ یُّرْسِلُ الرِّیَاحَ بُشْرًا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ جو اپنے کلام سے حق کو ثابت کرتا ہے، اے وہ جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے، اے وہ جو انسان اور اس کے دل کے درمیان حائل ہوتا ہے، اے وہ جس کے اِذن کے بغیر شفاعت کچھ نفع نہیں پہنچاتی، اے وہ جو راہ سے بھٹکے ہوئے لوگوں کو خوب جانتا ہے، اے وہ جو اپنے حکم سے ہرگز نہیں ٹلتا، اے وہ کہ جس کا فیصلہ پلٹایا نہیں جاسکتا، اے وہ جس کے امر کے آگے ہر چیز جھکی ہوئی ہے، اے وہ جس کی قدرت سے آسمان باہم لپٹے ہوئے ہیں، اے وہ جو اپنی رحمت سے ہواؤں کو خوشخبری دے کر بھیجتا ہے، تو پاک ہے اے وہ ذات کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادرس فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(٦٨) یَا مَنْ جَعَلَ الْاَرْضَ مِهَادًا یَّا مَنْ جَعَلَ الْجِبَالَ اَوْتَادًا یَّا مَنْ جَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجًا یَّا مَنْ جَعَلَ الْقَمَرَ نُوْرًا یَّا مَنْ جَعَلَ اللَّیْلَ لِبَاسًا یَّا مَنْ جَعَلَ النَّهَارَ مَعَاشًا یَّا مَنْ جَعَلَ النَّوْمَ سُبَاتًا یَّا مَنْ جَعَلَ السَّمَآءَ بِنَآءً یَّا مَنْ جَعَلَ الْاَشْیَآءَ اَزْوَاجًا یَّا مَنْ جَعَلَ النَّارَ مِرْصَادًا سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ کہ جس نے زمین کو فرش بنایا، اے وہ کہ جس نے پہاڑوں کو میخوں کی طرح گاڑا، اے وہ جس نے سورج کو چراغ بنایا، اے وہ جس نے چاند کو روشن فرمایا، اے وہ جس نے رات کو پردہ پوشی کے لئے بنایا، اے وہ جس نے دن کو کام کاج کا وقت ٹھہرایا، اے وہ جس نے نیند کو ذریعہ راحت بنایا، اے وہ کہ جس نے آسمان کا شامیانہ لگایا، اے وہ جس نے چیزوں میں جوڑے مقرر کیے، اے وہ جس نے آتش دوزخ کو کمین گاہ بنایا، تو

پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۶۹) اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡٓ اَسۡئَلُکَ بِاسۡمِکَ یَا سَمِیۡعُ یَا شَفِیۡعُ یَا رَفِیۡعُ یَا مَنِیۡعُ یَا سَرِیۡعُ یَا بَدِیۡعُ یَا کَبِیۡرُ یَا قَدِیۡرُ یَا خَبِیۡرُ یَا مُجِیۡرُ سُبۡحَانَکَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡغَوۡثَ الۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام کے واسطہ سے ، اے سننے والے ، اے شفاعت والے، اے بلندی والے، اے محفوظ، اے جلدی کرنے والے، اے ابتداء کرنے والے، اے بڑائی والے، اے قدرت والے، اے خبر والے، اے پناہ دینے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۷۰) یَا حَیًّا قَبۡلَ کُلِّ حَیٍّ یَّا حَیًّا بَعۡدَ کُلِّ حَیٍّ یَّا حَیُّ الَّذِیۡ لَیۡسَ کَمِثۡلِہٖ حَیٌّ یَّا حَیُّ الَّذِیۡ لَا یُشَارِکُہٗ حَیٌّ یَّا حَیُّ الَّذِیۡ لَا یَحۡتَاجُ اِلٰی حَیٍّ یَّا حَیُّ الَّذِیۡ یُمِیۡتُ کُلَّ حَیٍّ یَّا حَیُّ الَّذِیۡ یَرۡزُقُ کُلَّ حَیٍّ یَّا حَیًّا لَّمۡ یَرِثِ الۡحَیٰوۃَ مِنۡ حَیٍّ یَّا حَیُّ الَّذِیۡ یُحۡیِی الۡمَوۡتٰی یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوۡمٌ سُبۡحَانَکَ یَا لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡغَوۡثَ الۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے ہر زندہ سے پہلے زندہ، اے ہر زندہ کے بعد زندہ رہنے والے، اے وہ زندہ جس کی مثل کوئی اور زندہ نہیں، اے وہ زندہ کوئی زندہ جس کا شریک نہیں، اے وہ زندہ جو کسی زندہ کا محتاج نہیں، اے وہ زندہ جو زندوں کو موت دیتا ہے، اے وہ زندہ جو سب زندوں کو رزق دیتا ہے، اے وہ زندہ جس نے کسی زندہ سے زندگی نہیں پائی، اے وہ زندہ جو مرے ہوؤں کو زندگی عطا کرتا ہے، اے وہ زندہ و قائم کہ جسے نہ نیند آتی ہے نہ اونگھ، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۷۱) یَا مَنْ لَّهٗ ذِكْرٌ لَّا یُنْسٰی یَا مَنْ لَّهٗ نُوْرٌ لَّا یُطْفٰی یَا مَنْ لَّهٗ نِعَمٌ لَّا تُعَدُّ یَا مَنْ لَّهٗ مُلْكٌ لَّا یَزُوْلُ یَا مَنْ لَّهٗ ثَنَآءٌ لَّا یُحْصٰی یَا مَنْ لَّهٗ جَلَالٌ لَّا یُكَیَّفُ یَا مَنْ لَّهٗ كَمَالٌ لَّا یُدْرَكُ یَا مَنْ لَّهٗ قَضَآءٌ لَّا یُرَدُّ یَا مَنْ لَّهٗ صِفَاتٌ لَّا تُبَدَّلُ یَا مَنْ لَّهٗ نُعُوْتٌ لَا تُغَیَّرُ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ جس کا ذکر بھلایا نہیں جا سکتا، اے وہ جس کے نور کو بجھایا نہیں جا سکتا، اے وہ جس کی نعمتوں کو شمار نہیں کیا جا سکتا، اے وہ جس کی بادشاہی ٹوٹنے والی نہیں ہے، اے وہ کہ جس کی تعریف کی کوئی حد نہیں ہے، اے وہ جس کے جلال کی کیفیت بیان سے باہر ہے، اے وہ جس کے کمال کو سمجھا نہیں جا سکتا، اے وہ جس کا فیصلہ ٹالا نہیں جا سکتا، اے وہ جس کی صفات میں تبدیلی نہیں ہوتی، اے وہ جس کے وصفوں میں تغیر نہیں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۷۲) یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ یَا مَالِكَ یَوْمِ الدِّیْنِ یَا غَایَةَ الطَّالِبِیْنَ یَا ظَهْرَ اللَّاجِیْنَ یَا مُدْرِكَ الْهَارِبِیْنَ یَا مَنْ یُّحِبُّ الصَّابِرِیْنَ یَا مَنْ یُّحِبُّ التَّوَّابِیْنَ یَا مَنْ یُّحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ یَا مَنْ یُّحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ یَا مَنْ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے عالمین کے پرودگار، اے روز جزاء کے مالک، اے طالبوں کے مقصود، اے پناہ لینے والوں کی پناہ گاہ، اے بھاگنے والوں کو پا لینے والے، اے وہ جو صبر کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے، اے وہ جو توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے، اے وہ جو پاکیزگی والوں کو پسند کرتا ہے، اے وہ جو نیکوکاروں کو محبوب رکھتا ہے، اے وہ جو ہدایت یافتہ لوگوں کو جانتا ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۳) اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ یَا شَفِیْقُ یَا رَفِیْقُ یَا حَفِیْظُ یَا مُحِیْطُ یَا مُقِیْتُ یَا مُغِیْثُ یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے نام کے واسطہ سے، اے مہربان، اے ہمدم، اے نگہدار، اے احاطہ کرنے والے، اے رزق دینے والے، اے فریاد رس، اے عزت دینے والے، اے ذلت دینے والے، اے پیدا کرنے والے، اے لوٹانے والے، تو پاک ہے اے وہ ذات کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادرس فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۴) یَا مَنْ ھُوَ اَحَدٌ بِلَا ضِدٍّ یَّا مَنْ ھُوَ فَرْدٌ بِلَا نِدٍّ یَّا مَنْ ھُوَ صَمَدٌ بِلَا عَیْبٍ یَّا مَنْ ھُوَ وِتْرٌ بِلَا کَیْفٍ یَّا مَنْ ھُوَ قَاضٍ بِلَا حَیْفٍ یَّا مَنْ ھُوَ رَبٌّ بِلَا وَزِیْرٍ یَّا مَنْ ھُوَ عَزِیْزٌ بِلَا ذُلٍّ یَّا مَنْ ھُوَ غَنِیٌّ بِلَا فَقْرٍ یَّا مَنْ ھُوَ مَلِكٌ بِلَا عَزْلٍ یَّا مَنْ ھُوَ مَوْصُوْفٌ بِلَا شَبِیْهٍ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ جو ایسا یگانہ ہے جس کا کوئی مقابل نہیں، اے وہ جو ایسا یکتا ہے جس کا کوئی شریک نہیں، اے وہ جو ایسا بے نیاز ہے جس میں کوئی عیب نہیں، اے وہ جو ایسا فرد ہے جس میں کوئی کیفیت نہیں، اے وہ جس کا فیصلہ خلاف حق نہیں ہوتا، اے وہ رب جس کا کوئی وزیر نہیں، اے وہ عزت دار جس کے لئے ذلت نہیں، اے وہ ثروت مند جو محتاج نہیں، اے وہ بادشاہ جسے ہٹایا نہیں جا سکتا، اے ایسی صفتوں والے جس کی کوئی مثال نہیں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادرس فریادرس خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۵) یَا مَنْ ذِکْرُهٗ شَرَفٌ لِّلذَّاکِرِیْنَ یَا مَنْ شُکْرُهٗ فَوْزٌ لِّلشَّاکِرِیْنَ یَا مَنْ حَمْدُهٗ عِزٌّ لِّلْحَامِدِیْنَ یَا مَنْ طَاعَتُهٗ نَجَاةٌ لِّلْمُطِیْعِیْنَ یَا مَنْ بَابُهٗ مَفْتُوْحٌ لِّلطَّالِبِیْنَ یَا مَنْ

سَبِيْلُهٗ وَاضِحٌ لِّلْمُنِيْبِيْنَ يَا مَنْ اٰيَاتُهٗ بُرْهَانٌ لِّلنَّاظِرِيْنَ يَا مَنْ كِتَابُهٗ تَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ يَا مَنْ رِّزْقُهٗ عُمُوْمٌ لِّلطَّآئِعِيْنَ وَالْعَاصِيْنَ يَا مَنْ رَحْمَتُهٗ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے وہ جس کا ذکر ذاکروں کے لئے وجہ بزرگی ہے، اے وہ جس کا شکر شاکروں کے لئے کامیابی ہے، اے وہ جس کی حمد حمد کرنے والوں کے لئے وجہ عزت ہے، اے وہ جس کی فرمانبر داری فرمانبر داروں کے لئے وجہ نجات ہے، اے وہ جس کا دروازہ طلب گاروں کے لئے کھلا رہتا ہے، اے وہ جس کا راستہ توبہ کرنے والوں کے لئے ظاہر و باہر ہے، اے وہ جس کی نشانیاں دیکھنے والوں کے لئے پختہ دلیل ہیں، اے وہ جس کی کتاب پرہیز گاروں کے لئے نصیحت ہے، اے وہ جس کا رزق فرمانبر داروں اور نافرمانوں کے لئے یکساں ہے، اے وہ جس کی رحمت نیکوکاروں کے نزدیک تر ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۷۶) يَا مَنْ تَبَارَكَ اسْمُهٗ يَا مَنْ تَعَالٰى جَدُّهٗ يَا مَنْ لَّآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ يَا مَنْ جَلَّ ثَنَآؤُهٗ يَا مَنْ تَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُهٗ يَا مَنْ يَّدُوْمُ بَقَآؤُهٗ يَا مَنِ الْعَظَمَةُ بَهَآؤُهٗ يَا مَنِ الْكِبْرِيَآءُ رِدَآؤُهٗ يَا مَنْ لَّا تُحْصٰى اٰلَآؤُهٗ يَا مَنْ لَّا تُعَدُّ نَعْمَآؤُهٗ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے وہ جس کا نام برکت والا ہے، اے وہ جس کی شان بلند ہے، اے وہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں، اے وہ جس کی تعریف روشن ہے، اے وہ جس کے نام پاک و پاکیزہ ہیں، اے وہ جس کی ذات ہمیشہ رہنے والی ہے، اے وہ کہ بزرگی جس کا جلوہ ہے، اے وہ کہ بڑائی جس کا لباس ہے، اے وہ جس کی عنایتوں کی حد نہیں، اے وہ جس کی نعمتوں کا شمار نہیں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۷۷) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ يَا مُعِيْنُ يَآ اَمِيْنُ يَا مُبِيْنُ يَا مَتِيْنُ يَا مَكِيْنُ يَا رَشِيْدُ

يَا حَمِيْدُ يَا مَجِيْدُ يَا شَدِيْدُ يَا شَهِيْدُ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام ہی کے واسطہ سے، اے مدد گار، اے امانت دار، اے آشکار، اے سنجیدہ، اے قدرت والے، اے ہدایت والے، اے تعریف والے، اے بزرگی والے، اے محکم، اے گواہ، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۸) يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا ذَا الْقَوْلِ السَّدِيْدِ يَا ذَا الْفِعْلِ الرَّشِيْدِ يَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ يَا ذَا الْوَعْدِ وَالْوَعِيْدِ يَا مَنْ هُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ يَا مَنْ هُوَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ يَا مَنْ هُوَ قَرِيْبٌ غَيْرُ بَعِيْدٍ يَّا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ يَّا مَنْ هُوَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے بزرگ تر عرش کے مالک، اے درست قول والے، اے پختہ تر کام والے، اے سخت گرفت والے، اے (جزاء کا) وعدہ اور (سزا کی) وعید دینے والے، اے وہ جو قابل تعریف سرپرست ہے، اے وہ کہ جو چاہے کر گزرتا ہے، اے وہ جو ایسا قریب ہے کہ دور نہیں ہوتا، اے وہ جو ہر چیز کا دیکھنے والا ہے، اے وہ جو بندوں پر ہرگز ظلم نہیں کرتا، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۴۹) يَا مَنْ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا وَزِيْرَ يَا مَنْ لَّا شَبِيْهَ لَهٗ وَلَا نَظِيْرَ يَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِيْرِ يَا مُغْنِيَ الْبَآئِسِ الْفَقِيْرِ يَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ يَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ يَا عِصْمَةَ الْخَآئِفِ الْمُسْتَجِيْرِ يَا مَنْ هُوَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌ بَصِيْرٌ يَّا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا

مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے وہ جس کا نہ کوئی شریک ہے نہ وزیر، اے وہ جس کی نہ کوئی مثل ہے نہ نظیر، اے روشن سورج اور چاند کے خالق، اے نادار بے نوا کو ثروت دینے والے، اے شیر خوار بچے کو رزق دینے والے، اے بڑے بوڑھے پر رحم کرنے والے، اے ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑنے والے، اے خوف زدہ پناہ کو پناہ دینے والے، اے وہ جو اپنے بندوں کو جانتا ہے اور دیکھتا ہے، اے وہ جو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۸۰) يَا ذَا الْجُوْدِ وَالنِّعَمِ يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْكَرَمِ يَا خَالِقَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ يَا بَارِئَ الذَّرِّ وَالنَّسَمِ يَا ذَا الْبَأْسِ وَالنِّقَمِ يَا مُلْهِمَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ يَا كَاشِفَ الضُّرِّ وَالْاَلَمِ يَا عَالِمَ السِّرِّ وَالْهِمَمِ يَا رَبَّ الْبَيْتِ وَالْحَرَمِ يَا مَنْ خَلَقَ الْاَشْيَآءَ مِنَ الْعَدَمِ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے نعمتوں والے سخی، اے فضل و کرم کرنے والے، اے لوح و قلم کو پیدا کرنے والے، اے انسانوں اور کیڑوں کو بنانے والے، اے سخت گیر اور بدلہ لینے والے، اے عرب و عجم کو الہام کرنے والے، اے درد و غم کو دور کرنے والے، اے راز و نیت کے جاننے والے، اے کعبہ و حرم کے پرورد گار، اے وہ جس نے چیزوں کو لاشئ سے پیدا کیا، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۸۱) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ يَا فَاعِلُ يَا جَاعِلُ يَا قَابِلُ يَا كَامِلُ يَا فَاصِلُ يَا وَاصِلُ يَا عَادِلُ يَا غَالِبُ يَا طَالِبُ يَا وَاهِبُ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَارَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے ہی نام سے، اے کام کرنے والے، اے بنانے والے، اے قبول کرنے والے، اے پورا کرنے والے، اے جدا کرنے والے، اے ملانے والے، اے عدل کرنے والے،

اے غلبہ والے، اے طلب کرنے والے، اے عطاء کرنے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۸۲) یَا مَنْ اَنْعَمَ بِطَوْلِهٖ یَا مَنْ اَکْرَمَ بِجُوْدِهٖ یَا مَنْ جَادَ بِلُطْفِهٖ یَا مَنْ تَعَزَّزَ بِقُدْرَتِهٖ یَا مَنْ قَدَّرَ بِحِکْمَتِهٖ یَا مَنْ حَکَمَ بِتَدْبِیْرِهٖ یَا مَنْ دَبَّرَ بِعِلْمِهٖ یَا مَنْ تَجَاوَزَ بِحِلْمِهٖ یَا مَنْ دَنٰی فِیْ عُلُوِّهٖ یَا مَنْ عَلَا فِیْ دُنُوِّهٖ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ جس نے اپنے فضل سے نعمت بخشی، اے وہ جو سخاوت میں بلند ہے، اے وہ جس نے مہربانی سے عطاء فرمائی، اے وہ جس نے اپنی قدرت سے عزت دی، اے وہ جس نے حکمت سے اندازہ ٹھہرایا، اے وہ جس نے اپنی رائے سے حکم دیا، اے وہ جس نے اپنے علم سے نظم قائم کیا، اے وہ جو اپنی بردباری سے معاف کرتا ہے، اے وہ جو بلند ہوتے ہوئے بھی قریب ہے، اے وہ جو نزدیکی میں بھی بلند ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۸۳) یَا مَنْ یَّخْلُقُ مَا یَشَآءُ یَا مَنْ یَّفْعَلُ مَا یَشَآءُ یَا مَنْ یَّهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ یَا مَنْ یُّضِلُّ مَنْ یَّشَآءُ یَا مَنْ یُّعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ یَا مَنْ یَّغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ یَا مَنْ یُّعِزُّ مَنْ یَّشَآءُ یَا مَنْ یُّذِلُّ مَنْ یَّشَآءُ یَا مَنْ یُّصَوِّرُ فِی الْاَرْحَامِ مَا یَشَآءُ یَا مَنْ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ کہ جو چاہے پیدا کرتا ہے، اے وہ کہ جو چاہے کر گزرتا ہے، اے وہ کہ جسے چاہے ہدایت دیتا ہے، اے وہ کہ جسے چاہے گمراہ کرتا ہے، اے وہ کہ جسے چاہے عذاب دیتا ہے، اے وہ کہ جسے چاہے بخش دیتا ہے، اے وہ کہ جسے چاہے عزت دیتا ہے، اے وہ کہ جسے چاہے ذلت دیتا ہے، اے وہ کہ (ماں کے) پیٹ میں جیسی چاہے صورت بنا دیتا ہے، اے وہ کہ جسے چاہے اپنی رحمت سے خاص کرتا ہے، تو پاک ہے اے وہ ذات کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۸۴) يَا مَنْ لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا يَّا مَنْ جَعَلَ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا يَّا مَنْ لَّا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖ اَحَدًا يَّا مَنْ جَعَلَ الْمَلَآئِكَةِ رُسُلًا يَّا مَنْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا يَّا مَنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا يَّا مَنْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا يَّا مَنْ جَعَلَ لِكُلِّ شَيْءٍ اَمَدًا يَّا مَنْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا يَّا مَنْ اَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے وہ کہ جس نے نہ بیوی کی اور نہ اولاد والا ہوا، اے وہ جس نے ہر چیز کا ایک اندازہ ٹھہرایا، اے وہ کہ جس کی حکومت میں کوئی حصہ دار نہیں، اے وہ جس نے فرشتوں کو قاصد قرار دیا، اے وہ جس نے آسمان میں برج ترتیب دیے، اے وہ جس نے زمین کو رہنے کی جگہ بنایا، اے وہ جس نے انسان کو قطرہ آب سے پیدا کیا، اے وہ جس نے ہر چیز کی مدت مقرر فرمائی، اے وہ کہ جس کا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے، اے وہ جس نے سب چیزوں کا شمار کر رکھا ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۸۵) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ يَآ اَوَّلُ يَآ اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا بَرُّ يَا حَقُّ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا صَمَدُ يَا سَرْمَدُ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے معبود میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے ہی نام سے، اے اوّل، اے آخر، اے ظاہر، اے باطن، اے نیک، اے حق، اے یکتا، اے یگانہ، اے بے نیاز، اے دائم، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۸۶) يَا خَيْرَ مَعْرُوْفٍ عُرِفَ يَآ اَفْضَلَ مَعْبُوْدٍ عُبِدَ يَآ اَجَلَّ مَشْكُوْرٍ شُكِرَ يَآ اَعَزَّ مَذْكُوْرٍ ذُكِرَ يَآ اَعْلٰى مَحْمُوْدٍ حُمِدَ يَآ اَقْدَمَ مَوْجُوْدٍ طُلِبَ يَآ اَرْفَعَ مَوْصُوْفٍ وُّصِفَ يَآ اَكْبَرَ مَقْصُوْدٍ قُصِدَ يَآ اَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ سُئِلَ يَآ اَشْرَفَ مَحْبُوْبٍ عُلِمَ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ

اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے پہچانے ہوؤں میں بہترین پہچانے ہوئے، اے ہر معبود سے بڑے معبود، اے شکر کیے ہوؤں میں بہترین شکر کیے گئے، اے ذکر کیے ہوؤں میں بلند تر، اے تعریف کیے ہوؤں میں بالاتر، اے ہر موجود سے قدیم جو طلب کیا گیا، اے ہر موصوف سے اعلیٰ جس کا وصف کیا گیا، اے ہر مقصود سے بلند کہ جس کا قصد کیا گیا، اے ہر سوال شدہ سے باعزت جس سے سوال ہوا، اے بہترین محبوب جسے جانا گیا، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادسن فریادسن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۸۷) يَا حَبِيْبَ الْبَاكِيْنَ يَا سَيِّدَ الْمُتَوَكِّلِيْنَ يَا هَادِيَ الْمُضِلِّيْنَ يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِيْنَ يَآ اَنِيْسَ الذَّاكِرِيْنَ يَا مَفْزَعَ الْمَلْهُوْفِيْنَ يَا مُنْجِيَ الصَّادِقِيْنَ يَآ اَقْدَرَ الْقَادِرِيْنَ يَآ اَعْلَمَ الْعَالِمِيْنَ يَآ اِلٰهَ الْخَلْقِ اَجْمَعِيْنَ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے رونے والوں کے دوست دار، اے توکل کرنے والوں کے سردار، اے گمراہوں کو ہدایت دینے والے، اے مومنوں کے سرپرست، اے یاد کرنے والوں کے ہمدم، اے دل جلوں کی پناہ گاہ، اے سچے لوگوں کو نجات دینے والے، اے قدرت والوں میں بڑے قدرت والے، اے عالموں میں زیادہ عالم، اے ساری مخلوق کے معبود، تو پاک ہے اے وہ ذات کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادسن فریادسن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۸۸) يَا مَنْ عَلَا فَقَهَرَ يَا مَنْ مَّلَكَ فَقَدَرَ يَا مَنْۢ بَطَنَ فَخَبَرَ يَا مَنْ عُبِدَ فَشَكَرَ يَا مَنْ عُصِيَ فَغَفَرَ يَا مَنْ لَّا تَحْوِيْهِ الْفِكَرُ يَا مَنْ لَّا يُدْرِكُهٗ بَصَرٌ يَّا مَنْ لَّا يَخْفٰى عَلَيْهِ اَثَرٌ يَّا رَازِقَ الْبَشَرِ يَا مُقَدِّرَ كُلِّ قَدَرٍ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے وہ جو بلند اور مسلط ہے، اے وہ جو مالک و توانا ہے، اے وہ جو چھپا ہوا اور خبر دار ہے، اے وہ جو معبود ہے تو شاکر بھی ہے، اے وہ جس کی حکم عدولی ہو تو بخش دیتا ہے، اے وہ جس کو فکر پا نہیں سکتی، اے وہ جسے آنکھ دیکھ نہیں سکتی، اے وہ جس پر کوئی نشان مخفی نہیں ہے، اے بشر کو روزی دینے والے، اے ہر اندازہ کے مقرر کرنے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۸۹) اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ بِاِسۡمِكَ يَا حَافِظُ يَا بَارِئُ يَا ذَارِئُ يَا بَاذِخُ يَا فَارِجُ يَا فَاتِحُ يَا كَاشِفُ يَا ضَامِنُ يَاۤ اٰمِرُ يَا نَاهِيۡ سُبۡحَانَكَ يَا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنۡتَ الۡغَوۡثَ الۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے ہی نام سے، اے نگہبان، اے پیدا کرنے والے، اے ظاہر کرنے والے، اے بلندی والے، اے کشائش دینے والے، اے کھولنے والے، اے نمایاں کرنے والے، اے ذمہ دار، اے حکم کرنے والے، اے روکنے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۹۰) يَا مَنۡ لَّا يَعۡلَمُ الۡغَيۡبَ اِلَّا هُوَ يَا مَنۡ لَّا يَصۡرِفُ السُّوۡٓءَ اِلَّا هُوَ يَا مَنۡ لَّا يَخۡلُقُ الۡخَلۡقَ اِلَّا هُوَ يَا مَنۡ لَّا يَغۡفِرُ الذَّنۡبَ اِلَّا هُوَ يَا مَنۡ لَّا يُتِمُّ النِّعۡمَةَ اِلَّا هُوَ يَا مَنۡ لَّا يُقَلِّبُ الۡقُلُوۡبَ اِلَّا هُوَ يَا مَنۡ لَّا يُدَبِّرُ الۡاَمۡرَ اِلَّا هُوَ يَا مَنۡ لَّا يُنَزِّلُ الۡغَيۡثَ اِلَّا هُوَ يَا مَنۡ لَّا يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ اِلَّا هُوَ يَا مَنۡ لَّا يُحۡيِي الۡمَوۡتٰى اِلَّا هُوَ سُبۡحَانَكَ يَا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنۡتَ الۡغَوۡثَ الۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے وہ جس کے سوا کوئی غیب نہیں جانتا، اے وہ جس کے سوا کوئی دکھ دور نہیں کر سکتا، اے وہ جس کے سوا کوئی بھی خلق نہیں کر سکتا، اے وہ جس سوا کوئی گناہ معاف نہیں کر سکتا، اے وہ جس کے سوا کوئی نعمت تمام نہیں کر سکتا، اے وہ جس کے سوا کوئی دلوں کو نہیں پلٹاتا، اے وہ جس کے سوا کوئی کام پورے نہیں کرتا،

اے وہ جس کے سوا کوئی بارش نہیں برساتا، اے وہ جس کے سوا کوئی روزی نہیں بڑھاتا، اے وہ جس کے سوا کوئی بھی مردے زندہ نہیں کرتا، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۹۱) یَا مُعِیْنَ الضُّعَفَآءِ یَا صَاحِبَ الْغُرَبَآءِ یَا نَاصِرَ الْاَوْلِیَآءِ یَا قَاهِرَ الْاَعْدَآءِ یَا رَافِعَ السَّمَآءِ یَآ اَنِیْسَ الْاَصْفِیَآءِ یَا حَبِیْبَ الْاَتْقِیَآءِ یَا کَنْزَ الْفُقَرَآءِ یَآ اِلٰهَ الْاَغْنِیَآءِ یَآ اَکْرَمَ الْکُرَمَآءِ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے کمزوروں کے مددگار، اے مسافروں کے ہمدم، اے دوستوں کی مدد کرنے والے، اے دشمنوں پر غلبہ پانے والے، اے آسمان کو بلند کرنے والے، اے خواص کے ساتھی، اے پرہیز گاروں کے دوست دار، اے بے مایوں کے خزانے، اے دولت مندوں کے معبود، اے کریموں سے زیادہ کریم، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۹۲) یَا کَافِیًا مِّنْ کُلِّ شَیْءٍ یَّا قَآئِمًا عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ یَّا مَنْ لَّا یُشْبِهُهٗ شَیْءٌ یَّا مَنْ لَّا یَزِیْدُ فِیْ مُلْکِهٖ شَیْءٌ یَّا مَنْ لَّا یَخْفٰی عَلَیْهِ شَیْءٌ یَّا مَنْ لَّا یَنْقُصُ مِنْ خَزَآئِنِهٖ شَیْءٌ یَّا مَنْ لَّیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ یَّا مَنْ لَّا یَعْزُبُ عَنْ عِلْمِهٖ شَیْءٌ یَّا مَنْ هُوَ خَبِیْرٌۢ بِکُلِّ شَیْءٍ یَّا مَنْ وَسِعَتْ رَحْمَتُهٗ کُلَّ شَیْءٍ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے ہر چیز سے کفایت کرنے والے، اے ہر چیز کی نگرانی کرنے والے، اے وہ جس کے جیسی کوئی چیز نہیں، اے وہ جس کی حکومت میں اضافہ نہیں ہو سکتا، اے وہ جس سے کوئی چیز مخفی نہیں، اے وہ جس کے خزانوں میں کچھ بھی کمی نہیں آتی، اے وہ جس کے مثل کوئی چیز نہیں، اے وہ جس کے علم سے کوئی چیز باہر نہیں، اے وہ جو ہر چیز کی خبر رکھتا ہے، اے وہ جس کی رحمت ہر چیز تک وسعت رکھتی ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۹۳) اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ یَا مُكْرِمُ یَا مُطْعِمُ یَا مُنْعِمُ یَا مُعْطِیْ یَا مُغْنِیْ یَا مُقْنِیْ یَا مُفْنِیْ یَا مُحْیِیْ یَا مُرْضِیْ یَا مُنْجِیْ سُبْحَانَكَ یَا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے معبود میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرے ہی نام کے واسطہ سے، اے عزت دینے والے، اے کھانا دینے والے، اے نعمت عطا کرنے والے، اے عطا کرنے والے، اے دولت دینے والے، اے ذخیرہ کرنے والے، اے فنا کرنے والے، اے زندہ کرنے والے، اے بیماری دینے والے، اے نجات دینے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۹۴) یَاۤ اَوَّلَ كُلِّ شَیْءٍ وَّاٰخِرَهٗ یَاۤ اِلٰهَ كُلِّ شَیْءٍ وَّ مَلِیْكَهٗ یَا رَبَّ كُلِّ شَیْءٍ وَّ صَانِعَهٗ یَا بَارِئَ كُلِّ شَیْءٍ وَّ خَالِقَهٗ یَا قَابِضَ كُلِّ شَیْءٍ وَّ بَاسِطَهٗ یَا مُبْدِئَ كُلِّ شَیْءٍ وَّمُعِیْدَهٗ یَا مُنْشِئَ كُلِّ شَیْءٍ وَّ مُقَدِّرَهٗ یَا مُكَوِّنَ كُلِّ شَیْءٍ وَّ مُحَوِّلَهٗ یَا مُحْیِیَ كُلِّ شَیْءٍ وَّ مُمِیْتَهٗ یَا خَالِقَ كُلِّ شَیْءٍ وَّ وَارِثَهٗ سُبْحَانَكَ یَا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے ہر چیز سے پہلے اور اس کے بعد، اے ہر چیز کے معبود اور اس کے مالک، اے ہر چیز کے پرورد گار اور اسے بنانے والے، اے ہر چیز کے پیدا کرنے اور اندازہ ٹھرانے والے، اے ہر چیز کو بند کرنے اور کھولنے والے، اے ہر چیز کا آغاز کرنے اور اسے لوٹانے والے، اے ہر چیز کو بڑھانے اور اسے روک لگانے والے، اے ہر چیز کو بنانے اور اسے تبدیل کرنے والے، اے ہر چیز کو زندہ کرنے اور اسے موت دینے والے، اے ہر چیز کو پیدا کرنے اور اس کا وارث بننے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۹۵) يَا خَيْرَ ذَاكِرٍ وَّ مَذْكُوْرٍ يَّا خَيْرَ شَاكِرٍ وَّ مَشْكُوْرٍ يَّا خَيْرَ حَامِدٍ وَّ مَحْمُوْدٍ يَّا خَيْرَ شَاهِدٍ وَّ مَشْهُوْدٍ يَّا خَيْرَ دَاعٍ وَّ مَدْعُوٍّ يَّا خَيْرَ مُجِيْبٍ وَّ مُجَابٍ يَّا خَيْرَ مُوْنِسٍ وَّ اَنِيْسٍ يَّا خَيْرَ صَاحِبٍ وَّ جَلِيْسٍ يَّا خَيْرَ مَقْصُوْدٍ وَّ مَطْلُوْبٍ يَّا خَيْرَ حَبِيْبٍ وَّ مَحْبُوْبٍ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ٥

اے بہترین ذکر کرنے والے اور ذکر کئے ہوئے، اے بہترین شکر کرنے والے اور شکر کیے ہوئے، اے بہترین حمد کرنے والے اور حمد کیے ہوئے، اے بہترین گواہ اور گواہی دیئے ہوئے، اے بہترین بلانے والے اور بلائے ہوئے، اے بہترین جواب دینے والے اور جواب دیئے ہوئے، اے بہترین انس کرنے والے اور انس کیے ہوئے، اے بہترین رفیق اور ہم نشین، اے بہترین قصد کیے ہوئے اور طلب کیے گئے، اے بہترین دوست اور دوست رکھے گئے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۹۶) يَا مَنْ هُوَ لِمَنْ دَعَاهُ مُجِيْبٌ يَّا مَنْ هُوَ لِمَنْ اَطَاعَهٗ حَبِيْبٌ يَّا مَنْ هُوَ اِلٰى مَنْ اَحَبَّهٗ قَرِيْبٌ يَّا مَنْ هُوَ بِمَنِ اسْتَحْفَظَهٗ رَقِيْبٌ يَّا مَنْ هُوَ بِمَنْ رَجَاهُ كَرِيْمٌ يَّا مَنْ هُوَ بِمَنْ عَصَاهُ حَلِيْمٌ يَّا مَنْ هُوَ فِيْ عَظَمَتِهٖ رَحِيْمٌ يَّا مَنْ هُوَ فِيْ حِكْمَتِهٖ عَظِيْمٌ يَّا مَنْ هُوَ فِيْٓ اِحْسَانِهٖ قَدِيْمٌ يَّا مَنْ هُوَ بِمَنْ اَرَادَهٗ عَلِيْمٌ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ٥

اے وہ جسے پکارا جائے تو جواب دیتا ہے، اے وہ جس کی اطاعت کی جائے تو محبت کرتا ہے، اے وہ جو محبت کرنے والے کے قریب ہوتا ہے، اے وہ جو حفاظت کے طالب کا نگہبان ہے، اے وہ جو اُمیدوار پر کرم کرتا ہے، اے وہ جو نافرمان کے ساتھ نرمی کرتا ہے، اے وہ جو اپنی بڑائی کے باوجود مہربان ہے، اے وہ جو اپنی حکمت میں بلند ہے، اے وہ جو قدیمی احسان کرنے والا ہے، اے وہ جو ارادہ رکھنے والے کو جانتا ہے، تو پاک

ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار

(۹۷) اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡٓ اَسۡئَلُكَ بِاِسۡمِكَ یَا مُسَبِّبُ یَا مُرَغِّبُ یَا مُقَلِّبُ یَا مُعَقِّبُ یَا مُرَتِّبُ یَا مُخَوِّفُ یَا مُحَذِّرُ یَا مُذَكِّرُ یَا مُسَخِّرُ یَا مُغَیِّرُ سُبۡحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡغَوۡثَ الۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہی نام سے، اے سبب بنانے والے، اے شوق دلانے والے، اے پلٹانے والے، اے پیچھا کرنے والے، اے ترتیب کرنے والے، اے خوف دلانے والے، اے ڈرانے والے، اے یاد کرنے والے، اے پابند کرنے والے، اے بدلنے والے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۹۸) یَا مَنۡ عِلۡمُهٗ سَابِقٌ یَّا مَنۡ وَّعۡدُهٗ صَادِقٌ یَّا مَنۡ لُّطۡفُهٗ ظَاهِرٌ یَّا مَنۡ اَمۡرُهٗ غَالِبٌ یَّا مَنۡ كِتَابُهٗ مُحۡكَمٌ یَّا مَنۡ قَضَآؤُهٗ كَآئِنٌ یَّا مَنۡ قُرۡاٰنُهٗ مَجِیۡدٌ یَّا مَنۡ مُّلۡكُهٗ قَدِیۡمٌ یَّا مَنۡ فَضۡلُهٗ عَمِیۡمٌ یَّا مَنۡ عَرۡشُهٗ عَظِیۡمٌ سُبۡحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡغَوۡثَ الۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ جس کا علم سبقت رکھتا ہے، اے وہ جس کا وعدہ سچا ہے، اے وہ جس کا لطف ظاہر ہے، اے وہ جس کا حکم غالب ہے، اے وہ جس کی کتاب محکم ہے، اے وہ جس کا فیصلہ نافذ ہے، اے وہ جس کا قرآن شان والا ہے، اے وہ جس کی حکومت قدیم ہے، اے وہ جس کا فضل عام ہے، اے وہ جس کا عرش بزرگ تر ہے، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریاد سن فریاد سن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرود گار۔

(۹۹) یَا مَنۡ لَّا یَشۡغَلُهٗ سَمۡعٌ عَنۡ سَمۡعٍ یَّا مَنۡ لَّا یَمۡنَعُهٗ فِعۡلٌ عَنۡ فِعۡلٍ یَّا مَنۡ لَّا یُلۡهِیۡهِ قَوۡلٌ عَنۡ قَوۡلٍ یَّا مَنۡ لَّا یُغَلِّطُهٗ سُؤَالٌ عَنۡ سُؤَالٍ یَّا مَنۡ لَّا یَحۡجُبُهٗ شَیۡءٌ عَنۡ شَیۡءٍ یَّا مَنۡ لَّا

يُبْرِمُهٗ اِلْحَاحُ الْمُلِحِّيْنَ يَا مَنْ هُوَ غَايَةُ مُرَادِ الْمُرِيْدِيْنَ يَا مَنْ هُوَ مُنْتَهٰى هِمَمِ الْعَارِفِيْنَ يَا مَنْ هُوَ مُنْتَهٰى طَلَبِ الطَّالِبِيْنَ يَا مَنْ لَّا يَخْفٰى عَلَيْهِ ذَرَّةٌ فِي الْعَالَمِيْنَ سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ ہ

اے وہ جسے ایک ساعت دوسری ساعت سے غافل نہیں کرتی، اے وہ جسے ایک فعل دوسرے فعل سے مانع نہیں ہوتا، اے وہ جسے ایک قول دوسرے قول میں مخل نہیں، اے وہ جسے ایک سوال کسی دوسرے سوال میں غلطی نہیں کراتا، اے وہ جس کے لیے ایک چیز دوسری کے آگے حائل نہیں ہوتی، اے وہ جسے اصرار کرنے والوں کا اصرار تنگ دل نہیں کرتا، اے وہ جو ارادہ کرنے والوں کے ارادے کی انتہا ہے، اے وہ جو عارفوں کی امنگوں کا نقطہ آخر ہے، اے وہ جو طلبگاروں کی طلب کی انتہا ہے، اے وہ جس کے لئے سارے جہانوں میں سے ایک ذرہ بھی پوشیدہ نہیں، تو پاک ہے اے وہ کہ نہیں کوئی معبود سوائے تیرے، فریادسن فریادسن خلاصی دے ہمیں آگ سے اے پرودگار۔

(۱۰۰) یَا حَلِیْمًا لَّا یَعْجَلُ یَا جَوَادًا لَّا یَبْخَلُ یَا صَادِقًا لَّا یُخْلِفُ یَا وَهَّابًا لَّا یَمَلُّ یَا قَاهِرًا لَّا یُغْلَبُ یَا عَظِیْمًا لَّا یُوْصَفُ یَا عَدْلًا لَّا یَحِیْفُ یَا غَنِیًّا لَّا یَفْتَقِرُ یَا کَبِیْرًا لَّا یَصْغُرُ یَا حَافِظًا لَّا یَغْفُلُ سُبْحَانَكَ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ہ

اے وہ بردبار جو جلدی نہیں کرتا، اے وہ داتا جو ہاتھ نہیں کھینچتا، اے وہ صادق جو خلاف ورزی نہیں کرتا، اے وہ دینے والا جو تھکتا نہیں، اے زبردست جو مغلوب نہیں ہوتا، اے ایسی عظمت والے جو بے بیان ہے، اے وہ عادل جو ظالم نہیں، اے وہ دولت والے جو کسی کا محتاج نہیں، اے وہ بڑا جو چھوٹا نہیں، اے وہ نگہبان جو غافل نہیں، تو پاک ہے اے وہ ذات کہ سوائے تیرے کوئی معبود نہیں، اے فریادرس اے فریادرس ہمیں آتش جہنم سے بچالے اے پالنے والے۔

اللھم صل علی محمد و آل محمد